کوئی بہت زور سے اس سے ٹکرایا تھا وفا نے جیسے اس بھاری اور گھمبیر لہجے کو سنا وہ چونک اٹھی تیزی سے خود سے ٹکرانے والے کو دیکھا جسکی اب پشت تھی وفا کی طرف اور وہ بڑے مزے سے گہک گہک کے جابر اور کامل سے ہنسی مزاق کر رہا تھا مگر وفا کے پورے وجود میں سنسنی سی دوڑ گئی کیونکہ وہ لہجہ اور باڈی لینگویج ہوباہو شاہ زمان ہی کی تھی

۔

وہ بھونچکا رہے گئی کیونکہ اب تک وہ خود کو بہت بڑی کوئی ماسٹر مائنڈ سمجھتی آرہی تھی وجہ اسکا پپو کو شاہ زمان سمجھنا تھا کیونکہ کئی کڑیاں اس نے ایسی ملائی تھیں شروع سے لیکر اب تک کی کہ پپو اسکو پکا شاہ زمان لگ چکا تھا پپو اور شاہ کے ہاتھ میں بلکل ایک جیسی انگھوٹی کا ہونا اور شاہ زمان کا چہرہ چھپانا ۔افففف وہ۔چکراکہ ہی تو رہے گئی جابر کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

ساتھ اس نے خود پپو کو تہہ خانے میں بند کیا تھا وہ تیزی سے حویلی کے اندر بھاگی تاکہ تہہ خانے میں جاکہ دیکھ سکے کہ آخر حقیقت کیا تھی۔

❤

تہہ خانے کے باہر پہرہ دیتے گارڈز ہنوز اپنی زمیداری سر انجام دے رہے تھے وفا کو دیکھ کہ اسکے اشارہ کرتے ہی ان میں سے اک گارڈ نے تہہ خانے کا دروازہ کھولا تھا وفاء تھوڑا آگے بڑھی تہہ خانے میں کسی بھی قسم کی سہولیات موجود نہ تھی بس دیواروں میں نصب کینڈل اسٹینڈز میں موم بتیاں روشن تھیں۔

ٹم ٹماتی موم بتی کی روشنی میں پپو وفا کو دیکھ کے اٹھ کھڑا ہو۔

" مجھے یہاں سے نکال میری بلبل نہیں تو میں ٹن ہوکہ مر جاونگا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو کو چرس نہ ملنے کے باعث اسکا نشا ٹوٹ رہاتھا وہ بری طرح لڑکھڑاہٹ کا شکار تھا ۔حال سے بدحال ہورہا تھا۔

" بس تھوڑی ہی سے پلادے میری کٹونی مجھ کو بتی بناکہ سگریٹ میں بھرکے میں سچ کہتا ہوں تیری۔

"قسم تجھ سے کل کے بجائے آج ہی شادی رچالونگا وفا۔ اسکی فضول ہانکنے کا کوئی نوٹس لئے بغیر بہت تیز اسپیڈ میڈ میں باہر کی طرف بھاگی وہ زندگی میں پہلی دفع خود ہی کے ہاتھوں بہت بری طرح سے بیوقوف بن بیٹھی تھی۔ اب اسکا رخ سیدھا اپنے کمرے کی طرف تھا۔

کمرے۔ میں پہنچ کہ جیسے ہی اسنے دروازہ کو لاک لگایا اور پلٹی تو جیسے آنکھوں میں تارے ناچ گئے اوپر کا سانس اوپر اور نیچےکا نیچے رہ۔

???

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تت۔۔۔تم۔۔۔ ؟؟؟؟؟

آج وہ اسکو زندگی میں پہلی دفع بغیر منہ پہ چادر ڈھانپے دیکھ رہی تھی ۔ وہ اک مکمل مردانہ وجاہت کا حامل بھرپور مرد تھا ہیزل گرین آنکھوں سے وہ اسکو اسکی پہچانتی تھی بہت اچھی طرح۔لائٹ براون سلکی ماتھے پہ بکھرے نفاست سے تراشے بال، اسٹالش انداز میں رکھی گئی شہد رنگ داڑھی اور اس پہ تضاد تراشی ہوئی مونچھے وہ اپنے نقوش سے مکمل افغانی و پشتو مکس لگ رہا تھا کتنی بڑی بھول کر بیٹھی تھی وہ پپو اور شاہ کو اک سمجھ کہ پپو کے باہ تو اسکے شانوں کو چھوتے اور کلین شیو ہی رہتا وہ ہر وقت ساتھ کالی جٹ آنکھوں میں سرمے کی پوری بوتل انڈیلی جاتی تھی ،گلے میں ڈھیر ساری چینیں پہنے وہ حقیقتاً اک لوفر ہی تھا اور وہ کیسے اتنی بڑی غلطی کر گئی تھی دونوں کو پہچان نے میں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"تم نہیں آپ جانیمن"

وہ کرسی پہ بیٹھا پیر کے اوپر پیر جمائے دونوں پیروں کو کمال اطمینان سے سینٹر ٹیبل پہ رکھے ہوئے تھا ایسے جیسے یہ بیڈروم وفا کے بجائے اسی کی تو ملکیت تھا۔وفا کی تو اسکو دیکھ کر جیسے سدھ بدھ ہی کھو گئی تھی وہ کہاں اسکو اپنے بیڈروم میں تصور کرسکتی مگر شاہ زمان بلکل اپنی بات کا پکا صابت ہوا تھا جو کہا کر کہ دکھایا ۔

آ۔۔آپ پلیز میرے بیڈروم سے اس وقت چلے جائیں مم "

" میں کوئی ایسی ویسی لڑکی نہیں

وہ بڑی مشکل سے اٹک اٹک کے کہتی دروازہ کھول کے کمرے سے فرار ہونے کو تھی جب وہ اسکا ارادہ بھانپ کہ جلدی سے ایک ہی جست میں اس تک پہنچا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تم کیا سمجھی اس دن کے بعد تم نے مجھے اپنی " زندگی سے بلاک ڈلیٹ کر دیا ہے اور انباکس پہ "پرائےویسی لگادی؟؟؟؟

تو تمہاری اطلاع کیلئے عرض ہے کہ میں وہ ہیکر ہوں جو بڑے بڑے آکاونٹس کو لمحوں میں ہیک کر سکتا ہوں"

وہ اسکے کان کے قریب آکہ بہت دھیمے لہجے میں دریافت کر رہا تھا وفا کے مزید اوسان خطا ہوئے اسنے کبوتر کی طرح خطرے کو بھانپ کہ آنکھیں بند کرلیں۔

مم میں ہر ایرے غیرے سے بات نہیں کرتی آپ پلیز " چلے جائیں یہاں سے"۔

خوب کہی تم نے مگر وہ کیا ہے نہ میں کسی کا " حساب نہیں رکھتا اور پھر جب تم نے میری دوستی سے فائدہ اٹھانے کے بعد مجھ سے دشمنی مول لےہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

لی ہے تو میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ تم کتنی میری
"دشمنی سے نکلتے حساب کتاب برابر کر پاوگی
وہ اب اسکے ارد گرد چکر کاٹ رہا تھا وہا کو جیسے
مزیدسہمانا چاہتا تھا۔
مجھے معاف کریں۔بھائی صاحب آپکا بہت شکریہ "
آپنے۔میری اس دن مدد کی اور میں نے آپکو تھپڑ مارا
اسکے لئے تہے دل سے شرمندہ ہوں براہ مہربانی آپ
"ابھی چلیں جائیں
وہ اب عادت کے بر خلاف منت سماجت پہ اتری ۔
بھائی تو صرف میں اپنی اکلوتی بہن کا ہی ہوں ہاں "
شوہر بن سکتا ہوں کیونکہ بیوی کا خانہ ابھی پر نہیں
ہو اور ویسے بھی اب تو تم میرے دل کو بری طرح بھا
گئی ہو تم سے اظہار کروں یا تمہاری امی سے
"ڈائریکٹ رخستی کی تاریخ لے لوں؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

شاہ نے گہری نظروں سے اسکو دیکھتے ہوئے معنی خیز لہجے میں بات کا رخ اپنے مطابق کہیں کا کہیں موڑا ۔

" آپ خاموش نہیں ہوسکتے ؟؟براہ کرم فضول گوئی سے پر ہیز کیجئے اور اپنےآنے کا مقصد بیان کریں میں آپکی موجودگی زیادہ دیر افورڈ نہیں کرسکتی" تیکھے لب و لہجے میں بولی۔

" اب تک اگر میں خاموش ہوں تو میری اس خاموشی کو غنیمت جانو جانیمن! لیکن جس دن میں برس جاونگا اس دن ترس بھی نہیں کھاونگا"

وہ اسکی آنکھوں میں اپنی نگاہیں ڈالے وارننگ دیتے انداز میں کہتا اسکے ماتھے پہ آئے پسینے کی ننھی ننھی بوندوں کو اپنی انگلیوں کی پوروں میں جزب کر چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

مجھے ہاتھ مت لگائیں میں نے کہا نا کہ میں ایسی "
" ویسی

وفا کرنٹ کھا کر پیچھے ہٹی مگر پہلے والی
غلطی(شاہ زمان پہ ہاتھ اٹھانے کی) دہرانے سے گریز
کیا ورنہ اس وقت وفا کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ کیا
سے کیا کردے۔
تم ایسی ویسی نہیں بلکہ بہت ہی تیڑھی کھیر ہو "
جسکو سیدھی انگلی سے صرف میں ہی کھا سکتا
ہوں"
شاہ زمان کے جملے اور اسکی حاضر جوابی وفا کا دماغ
چکراَے دے رہی تھی اس پہ۔تضاد وہ اسکو اسٹڈی
ٹیبل کی کرسی گھسیٹ کہ اس کو شانوں سے تھام
کر بٹھا چکا تھا اور خود اسکے عین سامنے ٹیبل پہ بیٹھا
اسکو وفا کے مطابق دھمکا رہاتھا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kabi to Pass Mery Aao| By Aymen Nauman (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میں اب مجبور ہوں ایسا کرنے کیلئے کیونکہ اب بہت "
ہوگئی آپکی بدتمیزی مگر اب اور نہیں

وفا نے تیزی سے آو دیکھا نہ تائو اور ٹیبل پہ رکھا
اسٹیل کا گلدان اٹھا کر شاہ کے سر پہ وار کرنا چاہا مگر
شاہ زمان نے مسکراکہ بہت آرام سے اس کے ہاتھ سے
گلدان لیکر بیڈ پہ اچھا دیا۔
دہشت آنکھوں میں ہونی چائیے وفا ڈیئر !!ہتھار تو گلی"
"کے چوکی دار کے پاس بھی اچھا لگتا ہے
وہ اب محظوض ہوا جبکہ وفا کو اپنی عزت خطرے
میں محسوس ہوئی حویلی میں موجود کوئی بھی اگر
اس سنکی انسان کو اسکے کمرے میں سے نکلتا دیکھ
لیتا تا نیا فسانہ بن جانا تھا اور جابر وہ اسکو کن نظروں
!!سے دیکھتا افففف ....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اس سے آگے وہ سوچ کہ ہی کانپ اٹھی تھی چہرے پہ خوف کے آثار واضح تھے رات کے اس پہر اسکے روم میں ایک غیر مرد کی موجودگی اسکی عزت کو خاک میں کردینے کیلئے کافی تھی اسی لئے اس نے شاہ زمان کے آگے ہتھیار ڈالنے میں ہی بہتری جانی۔

" ٹھیک ہے آئندہ میں کبھی مزار پہ نہیں جاونگی اب تو آپ چلے جائیں "

" ہاہاہا!!! اچھا مزاق ہے ویسے کل پھر تم۔اسی جگہ پائی جاوگی مگر یاد رکھنا میں یہاں تک پہنچ سکتا ہوں تو میں کیا کچھ نہیں کرسکتا"

" امید ہے اب تم سدھر جاونگی کیونکہ میں اب کافی بگڑ چکا ہو اپنی خاص چیز میں نے بیچ دی ہے تمہاری خاطر اور وہ تھی میری شرافت"

" شریف اگر آپ جیسے ہوتے ہیں تو پھر بے غیرے ہی اچھے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اسکے صبر کا پیمانہ ابریز ہوا مزید شاہ زمان کی دھونس وہ اب برداشت کرنے سے انکاری تھی۔

!!!شششش.....

اسکےگلاپ کی پنکھڑی جیسے لبوں پہ اسنے انگشت شہادت رکھ کے مزید بولنے سے روکا۔

ٹھیک دو ماہ بعد پوچھونگا اپنے بیڈروم میں کہ کون " ہوں میں؟؟؟؟"

وہ یہ جملہ کہے کہ رکا نہیں تھا چپ چاپ کھڑکی سے کود کر کمرے سے جاچکاتھا پیچھے وفا اسکے نا سمجھ میں آنے والے آخری جملے میں ہی اٹک کر رہ گئی۔

_____

؟؟؟

وہ جب کمرے میں داخل ہوا تو آج کی صورت حال کل کی صورت حال سے تھوڑی مختلف تھی کل محترمہ اپنے ہوش و ہواس میں چپ کا روزہ رکھ کر ملی تھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اور آج محترمہ نے عروسی لباس تو دور کی بات جیولری تک اتارنےکی زہمت نہ کی تھی اور آج کی رات محترمہ اسطرح گدھے گھوڑے پیچ کر خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہی تھیں جیسے سدیوں سے سوئی ہی نہ ہوں اور اسکے روم میں رخصت ہوکہ اسی لئے تو آئی تھی کہ نیندیں پوری کر سکے اپنی ۔

"واہ میرے خدا کیا بہترین استقبال ہورہا ہے تیرے بندے کا دودن سے"

تھوڑا سا کھسیا گیا فریش ہوکہ سفید ململ کا کرتا شلوار زیب تن کئے وہ سائیٹی پہ بے آرام سی سوئی مہمل کی طرف بڑھا تھا۔

مہرون اور مسٹرڈ رنگ کے امتزاج کے عروسی لباس میں وہ ا تمام حشر سمانیاں سمیٹے بے خبر سوئی کامل کا دل بے ایماں کر امتحان لینے پہ امادہ تھی شاید۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تیکھے نقوش ستواں ناک میں لبوں کو چھوتی نتھ وہ مبہوت سہ اسکو دیکھے گیا۔ گلاب کی پنکھڑی جیسے سرخ گداز لب اور ان پہ سجی ڈیپ ریڈ لپسٹک اسکے دل کی دنیا اتھل پتھل کرنے کیلئے کافی تھی۔آج پہلی دفع اسنے مہمل کو اتنے پیارے سجے سجائے روپ میں دیکھا تھا دل تھا اسکے وجود سے اپنے وجود کی تھکن اتارنے کو بےتاب ہو چلا تھا اسکے ہنائی ہاتھ و پیر نے تو جیسے کامل کا بچا کچھا اطمینان بھی رخصت کرڈالا تھا ۔

" خدا کا بہت پیارا تحفہ ہو تم میرے لئے مہمل!بس تم ہی پہ ختم ہوجاتا ہے میرا غصہ بھی اور میری تم ہی پہ ختم ہوتی ہے میری محبت،بے شک اس دل کی دھڑکن تم ہو میرے "

وہ دوزانوں بیٹھ گیا سائیٹی کے ساتھ ٹیک لگا کر دل نے عجب فرمائش کر ڈالی تھی اسکو تکتے رہنے کی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کامل نے ہاتھ بڑھا کہ اسکے گالوں کو چھوا تھا اسکی نظروں کی تپش تھی یا سرگوشی کا اثر وہ کسمساکہ اٹھ چکی تھی گھنیری کاجل اور میک اپ سے سجی پلکوں میں لمحوں میں ہی حیرت و حیاء سمٹی تھی جبکہ نقوشوں میں بوکھلاہٹ گھلی۔

" مت دیکھوں مجھے یوں تم اتنی نفرت سے یہ وہی چہرہ ہے مہمل جس کو تم نے کبھی ٹوٹ کے چاہا تھا"

وہ اسکے ہنائی ہاتھ کو اپنی ہتھیلیوں میں لیکر نرمی سے گویا ہوا۔

" میں نفرت آج بھی آپ سے نہیں کرسکتی چاہنے کے باوجود بس شاید آپکو اور خود کو آزمانا چاہتی ہوں"

مہمل کا لہجہ نم ہوا تھا کامل سے اسکی محبت لفظوں میں بیاں ہونے والا قصہ نہ تھی۔

" تم میری دھڑکن ہو اور میں تمہاری روح مہمی!! تم اگر ہو تو میں ہوں "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کامل نے بہت محبت سے اسکی ڈھلکی ہوئی بندیا کو اسکی پیشانی پہ ٹھیک سے سجایا تھامہمل آج اسکو بہت بکھری بکھری اور بے سکون سی محسوس ہوئی ۔وہ سوچ چکا تھا کہ اسکے سارے الزام وہ خندہ پیشانی سے خود پہ قبول کرلے گا اور ہر صورت آج وہ اسکے زہنی تنائو کو ختم کرکہ ہی دم لے گا ۔مہمل اسکی بیوی تھی اسکی شریک حیات اس کی زات سے ملی زرہ برابر تکلیف کا بھی جواب کامل کو اپنے رب کو دینا تھا تو پھر وہ کیسے اپنی کل متاع حیات کو تکلیف و بے کل تنہا چھوڑ سکتا تھا۔

آغا رشتے وہی ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں جو دل سے " جوڑے جائیں لیکن ضرورت سے نہیں "۔

وہ لیٹے سے اٹھ بیٹھنا چاہتی تھی لیکن کامل نے تھوڑا دباو اک شانے پہ ڈال کہ اسکو آرام سے پرسکوں رہنے کو کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"اگر نبھانے کی چاہت دونوں کی طرف سے ہو تو بھی مہمی رشتے خاک نہیں ہوتے! بگاڑنا۔اور سنوارنا رشتوں کو ہمارے اختار میں ہوتا"

وہ ٹھہر ٹھہر کے بولا۔

"تمہیں پانا ہی میری محبت نہیں بلکہ تمہارا احساس بھی میرے جینے کی وجہ ہے!!ضرورت تو کسی کے بھی وجود سے پوری کی جا سکتی ہے"

کامل اسکو بازووں میں بھر کہ پھولوں سے سجی سیج تک لے آیا اور بہت احتیاط سے اسکو بیڈ کرائون سے ٹیک لگاکہ بٹھایا مہمل کے انداز میں پہلے سی مزاہمت نہیں رہی تھی یا شاید کامل کے پاکیزہ جزبوں پہ اسکو یقین آنے لگا تھا جو بھی تھا خوش آئندہ تھا بہت پیارہ اور اچھوتا احساس تھا دھڑکنوں کو اتھل پتھل کردینے والا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"تو پھر اس سے رشتہ کیوں خوڑا جب مجھ سے محبت کے دعوادار ہیں تو؟؟؟ کیا وہ آپکی پہلی چاہت آپکی بیوی نہیں تھی؟؟؟"

وہ گھٹنوں پہ تھوڑی جمائے قرب سے پوچھ رہی تھی

آنکھوں عارض نم ہوئے۔کامل بخوبی سمجھ رہا تھا اسکی تکلیف کو جانتا تھا کہ وہ اسکی دوسری بیوی ہونے کے باعث تکلیف میں ہے۔

"بس یہ سمجھلو میں کسی کو بہت کڑے وقت میں سہارا دینے کاباعث بنا ہوں مہمل اس سے زیادہ کچھ نہیں"

وہ صاف گوئی سے بولاوہ موضوع پہ مزید بات نہیں کرنا چاہتااسلئے مختصراً بات کو سمیٹا ۔

"تم میری ضرورت ہر گز نہیں ہو مہمل!!تم میری زندگی ہو "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ یہ سن کہ پھوٹ پھوٹ کہ رودی کامل نے اسکو اپنےسینے سے لگاِئےرونے دیا بس اسکی پشت کو تھپکی دیتا رہا جیسے اپنے ہونے ک احسادس بخشن رہا تھا

"ہوجاوگی میری محبت میں مضبوط اس طرح رانجھے کی محبت میں لیلیٰ تھی جس طرح۔"

کامل نے لنگڑا لولہ شعر کہہ سنایا۔

" مظبوط نہیں مجبور اور لیلی نہیں ہیر آغا"

وہ یقدم سر اٹھا کہ گویا ہوئی اتنے پیارے شعر کا کریا کرم اسے سہہ نہ گیامگر کامل۔کی آنکھوں میں لکھی تحریر وہ پڑھ کہ اسکی نظریں یکدم جھکی تھی وہ مزید اسکی بولتی نگاہوں سے نگاہیں ملا نا سکی تھی۔

نازک نازک سی پیاری پیاری سی میرے جینے کی آس ہو تم اتنا تو بتادو اب بھی ناراض ہو؟؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ اسکی تھوڑی اپنی انگشت شہادت سے اونچی کرکہ استفسار کر رہاتھا۔۔

" نن نہیں بس مجھے نیند آرہی ہے میں سوجاوں اب؟؟؟؟"

وہ گڑبڑائی ۔

" ہاں ہاں میری گود میں سر رکھے سوجائو تب ہی سونے دونگا "

وہ بھر پور انداز میں اسکے سٹپٹانے پہ مسکرادیا اور اسکو اپنے حصار میں لیتا اسکے لبوں پہ جھکتا چلا گیا۔

❤❤❤

تم میرے۔نئے خریدار ہو ؟؟

نہیں میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں ۔

" مجھ سے اک کال گرل سے شادی اچھا مزاق ہے"

"میں مزاق نہیں کر رہا مجھے تم اچھی لگنے لگی ہو"

میں تمہیں اچھی لگنے لگی ہوں ؟؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میں کیسے اچھی لگ سکتی ہوں کسی کو ؟؟؟

جو تمہاری اب تک کی زندگی تھی میرا اس سے "

"کوئی تعلق نہیں ہوگا

اپنے فیصلے پہ ایک۔اور دفع نظر ثانی کرلو اور جس "

کے۔انڈر میں کام کرتی ہوں وہ۔مجھے اتنی آسانی۔سے

"نہیں نہیں دیگا وہ میرا دودا کریگا تم سے

امید نے ایک دفع پھر سے شہباز سمجھانا چاہا مگر دل

گھر گہرستی کا سن کہ ہی بہت خو ش ہوگیا تھا ڈھیر

سارے تانے بانے دل نے بن ڈالے تھے انسان تھی عزت

کی زندگی جینا آسکا بھی حق تھا۔

شہباز اکثر بار میں آتا رہتا تھا اک دن اسکو امید بری

طرح بھاگئی پھر وہ اسکیلئے وہاں روز روز آنے لگا

۔شہباز کی ماں ہندوستانی تھی جبکہ باپ پاکستانی

مگر شہباز مغرب میں پلا بڑھا تھا اسکے خیالات خاصے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کھلے ڈلے تھے مگر کون جانتا تھا کہ امید کی زندگی میں اب آرام آئیگا یا نہیں۔۔۔!!!

❤❤

میں کسی سے ڈرنے والوں میں سے نہیں شاہ زمان " تم دیکھنا جو میرا مقصد ہے وہ میں پورا کر کے ہی رہونگی آج کی رات اور اب یہ کام مجھے جلد از جلد کرنا ہوگا "

وہ فیصلہ کرچکی تھی بس آج رات عمل کرنے کی باری تھی شاہ زمان ولیمہ کا فنکشن اٹینڈ کرکہ واشس روانہ ہوچکا تھا بس اب اسکو اپنا راستہ بلکل صاف نظر آرہا تھا اب بس اسکو رات کا انتظار تھا جب اسنے اس قبر کے اندر کا راز معلوم کرنا تھا۔

اسنے ابھی اپنی امی اور ابو کو اپنے اگلے ہفتے آنے کا کہا تھا وجہ اسکو اس بات کی پوری امید تھی کہ بس اب وہ اپنے مقصد و منزل سے بہت قریب آچکی ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

رات ۱۲:۳۰ بجے۔۔۔

جیسے تیسے وقت گرزا وہ کسی نہ کسی طرح باہر موجود پہرے داروں سے چھپ چھپا کہ نکل ہی گئی تھی حویلی سارا انتظام اس نے پلاننگ کے تحت شام میں ہی کرلیا اور اب بڑی کامیابی سے وہ حویلی سے باہر تھی۔ ایک گھنٹا مسلسل بغیر رکے چلتے رہنے سے اس کے پیر شل ہوچکے تھے مگر بس اس پہ تو جیسے پیر کی اصلیت سامنے لانے کا جنون سوار تھا۔کچھ دیر رک کہ سانس بہال کی اور پھر چلنا شروع ہوگئی ٹانگہ ،رکشہ وغیرہ دور دور تک کوئی اس پتھریلی سڑک پہ ناپید لگ رہا تھا اسکو آخر کار وہ قبرستان کے پچھلے دروازہ سے اندر داخل ہوئی تھی ۔

خود کو کالی چادر میں اچھی طرح سے ڈھانپے وفابرگت کے درخت کی اوڑھ سے دبے پائوں ہاتھ میں ٹارچ مضبوطی سے تھام کر وہ بہت محتاط انداز میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اپنی مطلوبہ قبر کی نشاندہی کر نےلگی۔ ٹارچ کی مدہم دودھیا روشنی میں دو چار قبروں کی خاک چھاننے کے بعد آخر کار اس کو اپنی مطلوبہ قبر مل ہی گئی تھی ۔۔

" ہاں یہی ہے"

"اسی کی تو مجھے تلاش تھی بالکل"

" ہاں ہاں آج میری تلاش پوری ہوئی"

"ہاں یہی ہے وہ ۔۔"

قبر کا قطبہ ہٹانے کی مسلسل کوشش میں رات کے دوسرے پہر سے اب رات کا آخری پہر شروع ہو چکا تھا ۔۔

" وقت بہت مختصر بچا ہے اب میرے پاس صبح کی پہلی کرن پھوٹنے سے پہلے پہلے مجھے اپنا کام مکمل کرنا ہے"

"ہر صورت آج یہ کام ہو جانا چاہیےلازمی "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

ادھر سے ادھر نظر دوڑانے کے بعد آخر کار اس کو تھوڑا فاصلے پر رکھا ایک بیلچا نظر آیا۔ وفا بھاگتی ہوئی اس کی طرف لپکی تھی۔

آدھے گھنٹے کی انتھک کوشش کے بعد وہ اپنی کوشش میں کامیاب ہو ہی گئی آخر کار۔اسنے بہت تیزی سے آگے بڑھ کر قبرکاقطبہ اپنی جگہ سے اکھاڑ کے دور پھینکا ۔

قطبہ رکھنے کے چند لمحوں بعد ہی یکدم قبر میں سے ایک روشنی پھوٹی تھی اور وہ قبر چاک ہوتی چلی گئی۔ چادر میں لپٹی وفا کے چہرے پر ایک دم ایک فاتحانہ مسکراہٹ ابھری تھی۔۔

تیزی سے وہ قبر کے اندر سے جھانکتی سڑھیوں کی طرف بڑھی اک اک کرکہ وہ پورا زینا تہہ کرنے لگی ۳۲ سیڑھیاں اترنے کے بعد اسکو بخوبی اندازہ ہوچکا تھا کہ یہ کوئی معمولی جگہ نہیں ہے۔ وہ کجھ اور بھی آگے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

بڑھی مگر اندر کا منظر دیکھ کے وہ دنگ رہ گئی وہ کوئی جھوٹا سہ تہہ خانہ نہیں تھا بلکہ اندر تو پورا گبت محل موجود تھا ۔ وفا نے جلدی سے اپنے پرس میں موجود موبائل کے کمرے کو آن کیا اور اسکو پرس کی سائیڈ پاکٹ میں اسطرح پھنسایا کہ کمرہ با آسانی اندر کے تمام مناظر کی ریکارڈنگ کر سکتا تھا۔

اس وقت تقریباً سبھی لوگ نشے میں دھت پڑے تھے کوئی صوفہ پہ تو کوئی کہیں آڑاترچا پڑا تھا وہ سب کی ریکارڈنگ کرتی آگےبڑھی مزید ایک لمبی سی راہ داری کو عبور کرتی وہ اک جانب کی طرف مڑی تھی دل تھوڑا خوف زدہ ہورہا تھا جیسے وہ اندر قدم ب بڑھاتی جارہی تھی یقدم وہ سامنے کا منظر دیکھ کہ ساکت سی رہے گِئی اک کمرے کے دروازہ. کے بجائے اسکے داخلی حصے پہ جیل کی طرح کی سلاخوں کی طرح کا دروازہ بنایا ہوا تھا جسکی پہرے داری وہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

عورت دے رہی تھی جس نے اس دن وفا پہ احسان۔عظیم کرکہ اسکو بڑی جلدی پیر تک پہنچایا تھا وہ عورت بھی اس وقت شدید نازیبا لباس میں نشے میں دھت بڑی کرسی پہ بیٹھی تھی۔

" تو اسکا مطلب بہت واضح تھا کہ وہ عورت اور اس جیسی کئی عورتیں مظلومیٹ کا رونا روکہ دوسری مصیبت کی ماری عورتوں سے انکی تکلیفیں اگلوایا کرتیں اور وہ بڑے ہی خفیہ طریقے سے پیر تک ساری معلومات پہنچاتی جاتی اس عورت کے پہنچنے تک جو بچاری اپنا دکھڑا لے کے پیر سے دم درود کروانے آئی ہوتی تھی۔ "

مگر اس کمرے میں نظر آنے والے مناظر نے تو جیسے وفا کے رونگٹے کھڑے کرڈالے تھے جسکی پہرے دار وہ عورت تھی یہی نہیں قطار در قطار ایسے ہی کئی کمرے موجود تھے جسکی پہرے داری ہر زبان کی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

عورے دے رہی تھی مگر ان کمروں سے جھانکتے روح فرزا مناظر کو دیکھنے کے بعد وفا جیسی لڑکی بھی لمحے بھر کیلئے خوف کا شکار ہوئی تھی۔

کمروں میں موجود لڑکیاں کچھ تو برہنہ تھیں اور انکے جسم پہ نیل پڑے تھے کافی دردناک اور ان میں سے کچھ وہ تھیں جن کے کپڑے پھٹے ہوئے تھے اور انکو شاید حکم کی بجا آوری نہ کرنے کے زمین پہ۔ اوندھا لیٹا کہ ہاتھ اور پیروں کو پشت پہ لاکہ رسیوں سے باندھا گیا تھا۔ اسکے بعد ایک کمرہ ایسا تھا جہاں ۱۰سے۱۲ ۔ سال کی بچیاں موجود تھی انکی حالت بھی کچھ کم افسوسناک نہ تھی۔ آخری کمرے میں پہنچ کہ تو جیسے وفا کا دل ہی پھٹ گیا وہاں نومود سے لیکر ایسی بچیاں موجود تھیں جو مشلل سے پانچ سال کی بھی نہ تھیں وفا تو جیسے یہ سب دیکھ کہ بلکل سرد پڑھ گئی سب سے زیادہ ہولناک بات یہ تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کہ وہ معصوم بچیاں روئے چلائیں نہ اس لئے انکو ایسا انجکشن لگایا گیا تھا جسکے باعث وہ کسی زندہ لاشوں کی طرح زمین پہ ادھ موئی پڑی تھیں اور زمیں پہ وہ انجکشن ڈھیروں کی تعداد میں خالی پڑے تھے جوکہ ان معصوموں کے خون میں شامل کئے گئے تھے۔سراسیمگی و وہشت کے باعث وفا سے اپنی ٹانگوں پہ کھڑے رہنا دشوار ہورہا وہ اب جلد از جلد اس جگہ سے فرار ہونا چاہتی تھی تمام ثبوت ادکے موبائل میں ریکارڈ ہو چکے تھے۔

خوف اسقدر شدت اختیار کر گیا تھا کہ اس غلیظ جگہ سے اب نکلنا وفا کیلئے زندگی اور موت کا فاصلہ تہہ کرنے کے مترادف ہوگیا تھا وہ وہشت سے چل نہیں پارہی مگر اپنے آپ کو بس زبردستی گھسیٹ رہی تھی۔ابھی اسنے اس گپت محل کا آدھا حصہ بھی نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

دیکھا تھامگر شاید اس سے زیادہ اس میں اب کچھ دیکھنے کی ہمت بھی نہ تھی۔

وہ تیز تیز سیڑھیاں چڑتی واپس قبر کے باہر کی جانب لیجانے والے راستے کو تہہ کر رہی تھی چند سیڑھیوں رہے گئی تھی جب وفا کو کھلی ہوئی قبر کا قطبہ واپس لگاتا پیر شاہ سائیں اندر آتا دکھا جسکی آنکھوں عجب زہریلی سی چمک تھی وہ چلتے ہوئے بے تہاشہ ہنستے ہنستے وفا کے سر پہ آن پہنچا تھا ۔

وفا کے سر کے بالوں کو اپنی مٹھی میں جکڑے وہ پیر اسکوواپس سیڈھیوں پہ گھیسٹتا نیچے جاتی سیڑھیاں عبور کرتا چلاگیا۔

جوف کے مارے وفا کی چیخیں تک حلق سے نہ نل پارہی تھیں۔

????

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

شہباز آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ میرے اندر سانسیں لیتی اولاد آپکی نہیں ہے؟ ؟

"کیسے نہیں کہہ سکتاامید یہ میں ؟؟؟ "

"کیا میں تمہاری پچھلی زندگی کا علم نہیں رکھتا؟ ؟؟

مگر شہباز میں نے آپکے ساتھ کو پانے کے بعد اس " زندگی کو لعنت بھیجدی ہے وہ سب میرے لئے جتنا ازیت ناک تھا یہ آپ بھی بہتر جانتے ہیں پھر مجھ پہ بدچلنی کا الزام کیوں ؟؟؟

تم جو بھی کہو یہ بچہ میرا نہیں بلکہ تم جائو اسی " کے پاس جسکی یہ اولاد ہے

"کس کی اولاد ہے یہ شہباز مجھے بتاو؟ ؟؟؟؟"

وہ اسکے کالروں کو اپنی مٹھیوں میں جکڑے ہزیانی انداز میں چیخی ۔

اوہو میں تو یہ بھول ہی گیا کہ یہ کسی اک کی " تھوڑی ہوسکتی ہے نا جانے کتنوں کا گندہ ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اسی وقت کامل جوکہ شہباز کا اوکسفرڈ یونیورسٹی میں ساتھ پڑھنے کے باعث بہت بہترین دوست اور اسکے بلکل ساتھ والے اپارٹمنٹ میں رہائش پزیر اسکا پڑوسی بھی تھا شہباز اور امید کے درمیان ہوتی تلخ کلامی کو سن کے چلا آیا دو تین بیل کے بعد شہباز تنفر کرتے ہوئے دروازہ کھولا تھا ۔

وہ کامل کو دیکھ کے بری طرح رودی کہ اب اسکے سامنے بھی وہ کال گرل کے نام سے مشہور کردی جائیگی ۔

کیا ہوگیا یار کیوں امیدکے اوپر گرج رہا ہے؟ ؟"

وہ نرمی سے معملے کو سلجھانا چاہ رہا تھا۔

"تم نہیں جانتے کامل کہ یہ عورت کس قماش کی ہے"

شہباز نے جہالت کا مظاہرہ کیا جبکہ امیدروتی ہوئی اپنے کمرے میں بھاگی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کیا فضول بک رہے ہو میں بہت دیر سے سن رہاہوں "
تمہاری خرافات امید کی پازکیزگی تم سے بہتر اور
"کون جان سکتا ہے؟ ؟؟
امید سے اسکی کافی اچھی دوستی ہوچکی تھی
شہباز کے باعث وہ شروع سے ہی اسکا نام لیا کرتاتھا۔
شادی کو چھ ماہ کامختصر عرصہ ہی گزرا تھا چند دن
پہلے تک وہ کتنی خوش تھی اور آج اسکیلئے بہت بڑا
دن تھا جب وہ ہسپتال سے اپنی پریگنینسی کی پوزیٹو
ریپورٹس لیکر آئی تھی امید کو لگا تھا کہ آج وہ مکمل
ہوگئی تھی۔ شہباز کے سارھ گزرنے والے پل اسکیلئے
اک خواب تھے جو اس جیسی لڑکی دیکھنا تو دور کی
بعد سوچ بھی نہیں سکتی تھی ۔مگر شہباز نے
اسکواپنا نام دیا تھا اسکو زندگی ہر اک خوشی میسر
کی تھی لیکن آج جب وہ شہباز کو اتنی بڑی خوشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

دینے جارہی تھی کہ وہ ۴ماہ کی حاملہ ہے تب شہباز کا جو چہرہ اسکے سامنے آیا وہ بہت بھیانک تھا۔

وہ اسکے وجود میں سانس لینے والے ننھے فرشتے کو اپنی اولاد مان نے سے انکاری تھا۔

" تو بڑا اسکا ہمایتی بن رہا ہے نہ تو ادکا مطلب تیری بھی رنگینی کا باعث بنی ہے یہ"

شہباز نے نایا الزام داغا ۔

مگر کامل۔ کیلئے اسکی کہی بات جیسے دل چیرنے کیلئے کافی تھی وہ روتی ہوئی امید کو بے سہارہ چھوڑنے کے بجائے شہباش بری طرح گھونسے اور اتوں سے تواضح کرنے کے بعد امید کو اپنے ساتھ لیکر آگیا اور ساتھ یہ بھی کہنا نہ بھولا کہ۔

" میں جارہا ہوں ہولیس اسٹیشن اب تو دیکھ اپنے بچے اور بیوی پہ الزام اور تشدد کا کیا انعام تجھے ملتا ہے اور ہاں اب امید کی طرف آنکھ اٹھا کہ مت دیکھنا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

صبح 6:00 بجےکے وقت دروازہ زور سے پیٹا جانے لگا بیڑروم کا ۔مہمل تھوڑا سہ کسمسائی اور پھر دوبارہ سےسو گئی ۔

کامل نے بہت احتیاط سے محمل کا سر اپنے شانے سے ہٹایا اور بغیر آہٹ پیدا کئے دروازے کی طرف بڑھنے سے پہلے سائیڈ ٹیبل پہ پڑی بنیان اٹھا کہ پہنی اور تیزی دروزہ کھولا ورنہ عنقریب باہر موجود شخص دروازہ توڑ کہ اندر گھسنے سے دریغ نہ کرتا۔

بڑا دیر نہیں لگ گیا تم کو دروازہ کھولتے کھولتے کامل " ؟؟؟؟"

دروازہ کھولتے ہی اسکے سامنے موجود باہر کھڑی تائی بیگم نے بڑی شان سے چہرے پہ کرختگی کے ساتھ آنکھوں میں جبھتی ہوئی معنی خیزی سجائے کسی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تفشیشی آفیسر کی طرح کامل سے پوچھ گچھ شروع کی ۔

" مگر تائی جان ابھی تو صبح کا چھ ہی بجا ہےابھی دیر کہاں ہوئی ہے؟ "

کامل نے جمائی روکتے ہوئے نیند سے بوجھل لہجے میں رچی ناگواری کو چھپایا ۔

" کامل شاید تم بھول رہا ہے کہ محمل اب اس گھر کا بڑی بہو ہے اور اس کو اب سے بہت پہلے فجر ہوتے ہی نیند کو خدا حافظ کہہ دینا چاہیے تھا ۔"""

تائی بیگم کی بھرپور کوشش تھی کہ اندر کمرے کے حالات کی چھان بین کر سکے مگر کامل کسی دیوار کی طرح دروازے کو آدھا سے زیادہ بھیڑے اور بیچ میں اس طرح سے استدعا تھا کہ دروازے کے اندر جھانکنے کے باوجود بھی وہ کچھ بھی نہ دیکھ سکتی تھیں ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"او تائی جان فجر میں توہم سویا ہے اور پھر ابھی دو دن ہی تو ہوا ہے ہماری شادی کو اب بھلا نایا نویلا دلہن دلہا تو اتنی جلدی اٹھنے سے رہا آپ کو نہیں لگتا تائی جان کہ یہ کچھ نہ مناسب سا ہے امارے کوجگانا اور پھر کیا کشمالا اٹھ گئی ہے ؟؟"

"کیا اس کو بھی آپ نے فجر کے ہوتے ہی اٹھا دیا ۔؟؟؟"

کامل نے تائی بیگم کی سوال کے بدلے میں سوال داغا اس کو تپ ہی تو چڑھ گئی تھی تائی بیگم کے اس انداز اور تانک جھانک کرنے پہ بڑی مشکل سے وہ لہجے کو پرسکون بنائے تائی بیگم کے تفشیشی سوالات کا جواب دے رہا تھا ۔

"ہٹو راستے سے تم یہ کیوں بار بار بھول رہا ہے کہ یہ لڑکی ایک نوکرانی کی بیٹی ہے اور تمہارا شادی اس سے انتقام لینے کی غرض سے کیا گیا ہے تو پھر تم کیسے اس کو اپنا سر کا تاج بنا سکتا ہے ؟؟؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پہلے تو تائی بیگم سٹپٹائیں کامل کے اتنے بے باک جواب دینے سے لیکن جلد ہی دوبارہ اپنی خفت مٹاتے ہوئے شروع ہوچکی تھیں۔

" ہٹؤ امارا راستے سے ہم اس کو لے کر ہی جائے گا باہر کپڑوں کا ڈھیر لگا ہے وہ اس کو دھونا ہوگا "۔

وہ بضد تھیں کہ مہمل کو لیکر ہی واپس روانہ ہونگی مگر کامل ہر گز بھی مائنس ٹیمپریچر کے ہوتے اسکو کھلے حویلی کے ایک کونے میں بنے لانڈری ایریا میں بیجھنے کا روادار نہ تھا۔

" گھر میں بہت درجنوں کی تعداد میں ملازمین موجود ہیں کسی سے بھی آپ یہ کام لیلو "۔

" محمل اب کامل حیدر خان کی بیوی ہے اس حویلی کی عزت اور میری آنے والی نسلوں کی آمین !!میں کامل ہوں جس کی پرورش مزنہ نے کی ہے میں عورت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کو پیر کی جوتی نہیں بنا سکتا اماری بیوی اماری ملکہ ہےتا ئی جان "

اور بدلہ کیسا اور کونسا انتقام کی بات آپ ام سے " کرتا ہے؟ ؟؟ گناہگار تو کشمالہ ہے جاؤ جاکر تائی جان اس کو جگائو ہم ابھی اپنی دلہن کے ساتھ سوئے گا اور اب دوبارہ ام کو جگا کر پریشان مت کرنا "۔

" ام علاقے کا ہونے والا آغا ہے یہ تو تم جانتا ہے نہ؟"

"اب چلو جائو تائی جان ام کو سونے دو شاباش

کامل نہ اپنی خاص زبان میں کہتے کے ساتھ ہی دروازہ تائی جان کے منہ بند کر دیا ۔ انکوان ہی کے انداز میں ڈیل کرنا اس کی مجبوری تھی۔

آج پہلی دفعہ اس نے اس طرح سے تائی سے بات کی تھی۔ وہ جانتا تھا کہ تائی بیگم باہر جاکے شدید قسم کا واویلا مچائیں گی مگر اس کو کسی کی پروا نہ پہلے تھی اور آج تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اس کو صرف اپنی ماں اور بیوی کے لئے آسانیاں پیدا کرنی تھی اور اپنے علاقے کے لاگوں کیلئے ڈھیر سارے کام سر انجام دینے تھے۔

حویلی کے اصولوں کو بدلنا تھا باقی رہی حویلی کی بات تو اس کے مکین جس قدر خود پرست تھے وہ بچپن سے دیکھتا آرہا تھا حیرت تو اس بات کی تھی کہ اس گھرانے کا تعلق خان ذات سے تھا اور خان ذات کے لوگ اپنوں کے اوپر مر مٹنے والے، جان نچھاور کرنے والوں میں سے ہوتے ہیں۔

اپنی عزتوں کی حفاظت کرنا اور اپنی عورتوں کو اعلیٰ مقام دینے کے ساتھ ساتھ غیر کی عورت کو بھی بری نظر اٹھا کے دیکھنا ان کے لیے اپنی توہین ہوتا ہے۔

پٹھان ذات ایسی ذات ہے جو بے حد خوددار اور دل میں خوف خدا رکھتی ہے مگر اس کی تائی صاحبہ کے حالات ایسے تھے کہ نہ خوش رہتی تھیں اور نہ دوسرے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کو خوش رہنے دیتی تھیں مزنہ آکہ جگاتی تو سمجھ بھی آتا لیکن تائی کا کمرے میں آکہ جرح کرنا کامل کو کھولا گیا تھا۔

تائی بیگم کامل کو جوروکاغلام اور بے حیا کہتی اپنے گال پیٹتے روانہ ہوچکی تھیں مگر کامل کو انکی رتی برابر بھی پروا نہ تھی ۔

?

مہمل کی آنکھ کسی کی تیز طرار آواز سے کھلی تھی اس نے پٹ سے آنکھیں کھول دیں پہلے پہل تو وہ صورتحال کو سمجھ ہی نہ سکی تھی مگر جیسے ہی کامل کو دروازے میں رکاوٹ بنے دیکھ کر تائی بیگم کے ساتھ ہم کلام پایا ۔وہ دوبارہ سے آنکھیں سختی سے میچ گئی دل میں ایک دھڑکا سا لگا تھا کہ کہیں ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کامل ابھی پلٹے گا اور اس کا ہاتھ پکڑ کے اٹھائے گا اور " بیگم کے سامنے کھڑا کرکے کہے گا کہ جاؤ اور جا کر میری تائی جان کا حکم مانو "۔

وہ یہی سمجھ رہی تھی کامل کا مقصد گزری شب پورا ہوچکا ہے اس نے اس کو تسخیر کرلیا تھا اس کے وجود پر اپنی حکمرانی جمالی تھی اور اب جب اس کا مقصد پورا ہو چکا ہے تو وہ اس کو کسی ٹشوپیپر کی طرح حویلی کے باقی مردوں کے جیسا ہی ڈیل کرے گا مگر اس کی سوچوں کے برعکس وہ اس کے لیے تائی بیگم سے ٹکر مول لیے ہوئے کھڑا تھا۔

کامل کے دروازہ بند کرتے ہی وہ ایک دفعہ پھر سے ایسی سوتی بن گئی جیسے کسی بات کاعلم ہی نہ ہو اسکو ۔

وہ لیمپ کی ہلکی روشنی جلا کہ بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا اور مہمل کے سر میں بے خیالی میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کچھ سوچتے ہوئے انگلیاں چلانے لگا کچھ پل ہی سر کے تھے جب محمل کو دوبارہ نیندکی آغوش نے آن گھیرا۔ کامل کی انگلیوں کے نرم پوروں نے اس کے دکھتے سر درد کو ایسا سکون بخشا کہ وہ مکمل پرسکون ہوگئی۔ وہ ایک دفعہ پھر سے غافل ہوچکی تھی جبکہ کامل لیمپ کی لائٹ آف کرتا شاور لینے کے بعد اپنے سٹڈی روم میں چلا گیا تھا ۔مہمل کی نیند خراب ہونے کے خیال سے ۔

؟؟

وہ ڈریسر کے سامنے کھڑی اپنے نم بالوں کو سلجھا رہی تھی۔ اسکے ہر ہر انداز سے بوکھلاہٹ ظاہر تھی دن چڑھ آیا ۱۱ بجے کے بعد وہ اٹھی تھی کامل کو بیڈروم میں نا پاکہ کچھ پرسکون ہوئی ورنہ رات کے بعد کامل کا سامنا کرنے سے شدید ہچکچارہی تھی اور دل میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تہیہ کر لیا تھا کہ یا تو آج خوف جاناں کے روم جا سوئے گی یا جاناں کو اپنے روم میں لیکر آجائے گی۔

شیشے میں اپنے اپنے سراپہ پہ اک نظر ڈالنے کے بعد دوبارہ نگاہیں اٹھانے کی خود میں ہمت ہی نہ کر پارہی تھی کامل کی بے پناہ محبتوں نےاسکو ایک رات میں ہی انوکھا سا پیاء ملن کا روپ بخش ڈالا تھا ۔

کمرے سے باہر جانے کی خود میں چاہ کر بھی ہمت پیدا نہیں کر سک رہی تھی ۔خوف تھا کہ تائی بیگم اور باقی کے گھروالوں کے سوالات کا کیا جواب دیگی

اچانک ہی اسکو کامل کی غیر موجودگی کا شدت سے احساس ہوا اگر اس وقت وہ اسکے آس پاس ہوتا تو شاید موجودہ صورتحال مختلف ہوتی ۔

"!افف بری پھنسی ہوں کیا کروں کیا نہ کروں'

کچھ سجھائی بھی نہیں دے رہا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ رودینے کو تھی جب بیڈروم کا دروازہ کھول کہ کامل جاناں کے ساتھ اندر داخل ہوا تھا۔

لائٹ پنک کلر کے مقامی لباس میں مقامی ہی جیولری پہنے پشت پہ بال بکھرائے وہ چہرے پہ بارہ بجائے رونی صورت بنائے کھڑی تھی۔

" لگتا ہے جاناں آپکی ماما جان ہمیں بہت مس کر رہی تھیں تبھی تو دیکھو آپکی ماما جان کے چہرے پہ اندھیری رات کے آثار موجود ہیں"

وہ بات بظاہر مہمل کی مہندی اور جیولری کو پر اشتیاق انداز میں چھوتی جاناں سے بات کر رہا تھا مگر لہجے کی معنی خیزی اور آنکھوں میں ناچتی شرارت کو مہمل۔ باخوبی سمجھ رہی تھی ۔کامل کی گہری نگاہوں سے سٹپٹا کہ وہ گلنار ہوئی مزید جاناں سے اوٹ پٹانگ باتوں میں لگ چکی تھی۔

"نہیں ایسا تو کچھ نہیں کامل آغا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

خود کو پر اعتماد ظاہر کرنا چاہا مگر اسکے لہجے کی لڑکھڑاہٹ اتنی واضح تھی کہ کامل کا بے ساختہ کہکہ فضا میں بلند ہوا۔

"تمہارے ان حسین لبوں پہ میرا نام!!"

" واہ میرے اللہ تبدیلی آنہیں رہی تبدیلی آچکی ہے وہ ٹھنڈی آہیں بھرتا ہوا بیڈ پہ سیدھا کر چکا تھا جہا ابھی ابھی مہمل جاناں کو لیکر بڑے مزے سے بیٹھی تھی۔

"کیا آچکی ہے بابا جان؟ ؟؟"

جاناں نے مہمل کی چوڑیوں سے۔ کھیلتے ہوئے معصومیت سے پوچھا۔

کچھ نہیں بیٹا آپکے بابا جانی کو عقل آنے کے بجائے " ---- "

مہمل نے حصاب برابر کرنا چاہا مگر کامل نے اسکی بات مکمل سے پہلے بیچ میں۔ سے ہی اچک لی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"بجائےعقل آنے کےجاناں بچےکسی پہ دل آگیاہے "

وہ اب مہمل کی گھوریوں کی پرواہ کئے بغیر پٹھری۔

سے اتر رہا تھا۔

"ماناکہ محبت اندھی ہوتی ہے مگر بجے بہت ہوشیار!!

"کامل آغا احتیاط کی جئے۔

وہ چبا چبا کہ بولی جاناں کی موجودگی میں کامل

مزید پھیل رہاتھا۔

" بابا جانی آپکو پتا ہے آج جاناں مہمی کے ساتھ ہی

"سوئیگی کل رات کو جاناں ڈر گئی تھی نا

جاناں نے مہمل کی طرف دیکھ کہ ایسے معصومیت

سے کہا جیسے کامل کی معلومات میں اضافہ کر رہی

ہو۔

" ہیں.....!؟؟"کامل کی آنکھیں حیرت کے باعث پوری

پوری وا ہوئیں۔جبکہ مہمل اب کی بار اپنی فاتح پہ۔دل

کھول کہ مسکرادی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"سہی کہا نا میں نے مہمی ایسا ہی کہنا تھا نا؟؟؟؟"

جاناں کا کہا اگلا جملہ سن کے نام کی تو گویا اسٹیج ہوگی اس نے پوری پول ہی کھول ڈالی تھی

"کامل روک اور مہمل شاک"

؟؟؟؟

" ہم اتنے بھی بے خبر نہیں ہیں کہ چھٹانک بھر کی چھوکری کے ہاتھوں برباد ہوجائیں "

پیر نے اس کو ایک جھٹکے سے دھکا دیا جس کے باعث وفا بری طرح سے دیوار سے جا ٹکرائی ۔

"تم لوگ کافر ہو یزید بنے ہوئے ہو"

"!!سنا تم نے "

" تم انسان نہیں حیوان ہو جو عزت سے اپنے گھروں کا چولہا نہیں جلا سکتے حلال کی روٹی اپنے جگر کے ٹکڑوں کو نہیں کھلا سکتے ہو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" تم لوگ یہ حرام کاموں کو کرکے اپنی قبروں کے لئے آگ دہکا رہے ہو"

" اسی گپت تہہ خانے میں تمہاری قبریں میں اپنے ہاتھوں سے بنائونگی "

" تم لوگ برباد ہو گے بلکل اسی طرح جیسے تم معصوم لوگوں کی عزت کا جنازہ نکال کے حرام کما کے خود بھی کھاتے اور اپنے سے منسلک عزیزوں کو بھی وہی ناجائز کہلاتے ہو"

" تم کیا سمجھتے ہو کہ تم لوگ عیش کروگی ہمیشہ؟؟"

" نہیں تم لوگ برباد ہو "

میرا خدا تم لوگوں کی رسی بہت جلد کھینچے گا اس دن تم لوگ سب نیست و نابود ہو جاؤ گے ۔"

"انشاءاللہ تعالیٰ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ ہذیانی انداز میں چلائی جب کہ اس کا سردرد سے بری طرح سے چکرا رہا تھا دیوار سے چوٹ لگنے کے باعث سر پھٹاتو نہ تھا مگر سر میں درد کے باعث ٹیسیں اٹھ رہی تھی ۔

" میں اگر کافر ہو تو کیا بہت زیادہ عقل والے ہو تم لوگ ؟؟؟"

" کیوں اپنی جوان جہان بیٹیوں اور عورتوں کو میرے حوالے کر تنہا چھوڑ جاتے ہو ؟"۔

" میں اگر حرام کھاتا اور کھلاتا ہوں تو تم لوگ کون سے سے بہت پاک باز غیرت بند ہو؟؟"

" کیوں غیر مردوں کے پاس اپنی عزتوں کو نیلام کروانے کے لیے سرعام بھیج دیتے ہو آنکھوں پہ پٹی باندھ کہ؟ ...؟؟؟"

پیر نے وفا کے تمام سوالوں کا خوب دیکر پیر سفاکی سے کہکہ لکاگہ ہنسا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو او میرے پوپٹ ذرا اپنا دیدار تو کرواؤ مجھے کہاں "
"تھا تو اتنے دنوں سے ؟؟؟؟

پیر نے زور سے آواز دی۔

" سائیں آپ نے یاد کیا اور میں حاضر"

کہاں جاؤں گا سائیں میں تو آپ کے ٹکڑوں پہ پلنے "
"والا غلام ہو

بس دو دن سے بخار میں پڑھا ہوا تھا اس لئے "
حاضری نہ دے سکا "۔

پپو نے گہری نظروں سے پان سے پیلے ہوئے دانتوں کی نمائش کی وفا کو دیکھتے ہوئے۔

چلو اچھی بات ہے آج تم کام کے وقت موجود ہوں ورنہ "
"یہ سارے ناکارہ تو بس پی پی کے پڑے رہتے ہیں ۔۔

پیر نے پپو کو کہا جو کہ دو دن سے غائب تھا اور اب بھی پیر کے ایمرجنسی میں فون کرنے پہ وہ جیسے چراغ کی جن کی طرح دوڑتا چلایا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پیر نے ایک کونے میں مرا تڑا پڑھا شیردل کو دیکھ کہ زور سے پیٹ پر لات ماری ۔شیردل ٹناری میں ہی بلبلا کر دوبارہ ٹن ہوگیا۔

دوسری طرف وفآ تھی جس کی آنکھوں میں حیرت کا ٹھاٹیں مارتا سمندر موجزن تھا پپو کو آزاد اپنے سامنے کھڑا دیکھ کے اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھیں۔

" اس کاطلب پیر نے اس کو بھی آزاد کروا لیا تھا اپنے ذرائع استعمال کرکہ کسی نہ کسی طریقے سے" وہ سہم کہ سوچ کے رہ گئی تھی جبکہ پیر اب بھی پپو سے مخاطب تھا۔

" ہاں ہمیں پتہ ہے تم ہمارے وفادار ہو یہ سب نمک حرام اس وقت پڑے سورہےہیں رات بھر پہلے اپنی جسموں کی پیاس کو بھجاتے ہیں اور اس کے بعد پھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

سینوں کو ٹھنڈا کرکے پڑے رہتے ہیں ناکارہ ہیں سارے کے سارے"

"ان کا تو کچھ نہ کچھ اب کرنا ہی پڑے گا ۔ "

"آہو سائیں"

" فکر ہی نہیں کرو جب پپو دی۔ پوپٹ موجود ہے تو آپ کو کسی بات کے لئے پریشان ہونے کی ضرورت ہی نہیں ہے"

"جب ہم ہے تو پھر غم نہیں سائیں ۔"

وہ عاجزی سے بولا۔

"ہاں ہاں ٹھیک ہے جاؤ"

" اس کو سب سے پیچھے والے کمرے میں بند کر دو جدھر کوئی بھی نہیں ہے اس کی عقل کو ٹھکانے لگائو اور پھر اس کے بعد ہم اس سے ملتے ہیں تفصیلی ملاقات کرنے کے لئے ..."

"اس کنچے سے سب سے پہلے ہم کھیلینگے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پیر نے وفا پہ اپنی غلیظ نظریں جمائی اور وفا کے گال کو چھونے کے لیے جیسے ہی ہاتھ بڑھایا ہی تھا وفا نے جلدی سے پیچھے ہٹ کے حقارت سے پیر کو دیکھا اور اس کے اسی ھاتھ کو کھینچ کر اس پہ تھوک دیا ۔۔

" یہ ہے تمھاری اوقات مجھے چھونا نہیں تم جیسے غلیظ انسان کو میں اپنا وجود تھالی میں سجا کہ پیش نہیں کروں گی سمجھے" ۔

" مر جاؤں گی مگر تمہارے غلیظ ارادوں کو اپنے وجود سے پورا نہیں ہونے چاہیے"۔

وہ اب اپنی جان سے کھیلجانے کہ در پہ تھی۔پرس میں رکھی چھری اٹھا کہ اپنی شہہ رگ کت قریب رکھی تھی جھٹ سے۔

'ارے او کٹونیییییی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"تیری اتنی مجال کے تو نے پیر سائیں کے سامنے اتنی بڑی گستاخی کی!! چل اٹھ بلبل میں تجھے مزا چکھاؤں گا اب .."

پپو نے پیر کے آگے بڑھنے سے پہلے ہی وفا کے ہاتھ سے چھری جھپٹی تھی اور اسکو سنبھلنے کا موقع دئے بغیر اسکا پرس اپنے قبضے میں کیا اور مچھلی کی طرح غصے میں بے قابو پھڑ پھڑاتی ہوئی وفا کو اپنے شانے پر اوندھا ڈالا ۔

وفا کو اندر قطار میں بنے کمروں کی طرف شانے پہ ڈال کہ بڑھتے ہوئے مخاطب ابھی بھی وہ اپنے پیر سے ہی تھا ۔

وفا کی کسی قسم کی مزاحمت پپو کے حوصلوں کو پست نہ کر پا رہی تھی وہ بس پیر کے حکم کی تعمیل کرنے میں مگن تھا وفا کو لگا جیسے اب قیامت آنے کو۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" ہاں اس کو لے جاؤ اور اس کی عقل ٹھکانے لاؤ ایسا نہ ہو کہ اس کو ہمیں دوسرے کام پہ لگانا پڑ جائے ۔"

--

" پیر سائیں آپ بے فکر ہو جائیں یہ میری ذمہ داری ہے اب "

"!!میں اس کو بتاؤں گا کہ میں چیز کیا ہوں"

" آپ بالکل پریشان نہ ہو اس کو میں ٹھیک کردوں گا سارے قص بل اسکے میں نکال کے ہی دم لونگا ۔۔"

پپو خباثت سے ہنسا تھا پیر کو دیکھ کر۔

?

"کامل راک ، مہمل شاک"

"اووووووو۔ ۔۔۔۔'

" اس کا مطلب آپ رات میں بلکل نہیں ڈرتی ہو میری بہادر بیٹی ہونا؟ ؟؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جی بابا جانی جاناں بہت بہادر ہے اور مہمی بہت "
"ڈرتی ہےنا
جاناں کی گوہر افشانی پہ مہمل کی تو سہی معائنوں میں عزت افزائی ہو رہی تھی جبکہ کامل تو جیسے آج جاناں کے ذریعے تمام رازوں کو جاننے پر تلا ہوا تھا چہرے پہ شریف سی مسکراہٹ رقصاں تھی۔
چلو جاناں ہم دونوں جو ہے نہ دادو جانی کے پاس "
" چلتے ہیں آپ کے پھر وہاں جاکے ہم پھیلیں گے
گھبراہٹ میں وہ کھیلنے کے بجائے" پھیلیں" بول گئی مگر ہم نے اس کا یہ جملہ بھی فوراً اچک لیا ۔۔
نہیں جاناں بچے آج آپ لوگ نہیں پھیلینگے بلکہ "
جاناں آج آپ کھیلینگی دادو کے ساتھ اور میں پھیلونگا
"مہمی کو پھر محنت سے مجھے سمیٹنا ہوگا
کامل نے مہمل کی طرف ایک دفعہ پھر زومعنی جملہ اچھالا۔وہ اس کی نظروں کی تاب نہ لاتے ہوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہاں سے اب مکمل فرار ہونے کے طریقے سوچ رہی تھی پہلا پلان تو جانا نے بڑے مزے سے فلاپ کردیا تھا اب دوسرے پر اس نے بڑی ہوشیاری سے عمل پیرا ہونا تھا ۔

"کیا کہا جا رہا ہے ؟؟؟ کیوں بھائی دادی جان کی کیوں یاد آگئی ؟؟""

مزنابیگم تھال میں ناشتہ سجائے ملازمہ کے ساتھ دروازہ کھلا دیکھ کے پھر بھی ہلکا سا نوک کر کے اندر داخل ہوتے ہوئے مسکراہوئے پوچھنے لگی تے۔

مہمل نے ساس کو سامنے دیکھ کے جھٹ سر پہ ترتیب سے دوپٹہ اوڑھا اور ادب سے سلام کیا

جیتی رہو ،خوش رہواور سدا سہاگن رہو اللہ تمہاری گود جلدی ہری کرے بچے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

مزنانے آگے بڑھ کے اس کو گلے سے لگایا اور ماتھے کو بوسا دیا۔

" آمین یا رب العالمین"

آنین" جاناں نے بھی باپ کی ہاتھ اٹھا کے نقل اتاری "

کامل نے ہانک لگائی بہت زور سے آمین کہا تھا ۔جس پر مزنا اس کے شانے پہ چپت رسید کی اور محمل کو محبت پاش نظروں سے دیکھا جو بری طرح حیاء و خفت سے بلش کر رہی تھی ۔

خبردار جو میری بیٹی کو پریشان کیا تو یاد رکھنا یہ " پہلے میرے لیے اہم ہے اب! تم بعد میں دوسرے نمبر پہ آ گئے ہو بچے جی "

" یہ تو فاعول ہوگیا امی جان"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

یہ تو بہووووت نہ انصافی اپنے کلوتر جگر گوشے کے "
"ساتھ ہاااااےےےےے

کامل یہ ٹھنڈی آہیں بھرنا بند کرو خبردار اب جو اول "
" جلول کوئی بھی بات کی ہو تو
" کان سے پکڑ کے کمرے سے باہر نکال دوں گی"

مزنا نے بیٹے کو گھوری سے نوازا جبکہ پوتی گود میں چڑھ چکی تھی اور اب اپنے گالوں پہ دادی سے چٹاچٹ تیار کروا رہی تھی ۔۔

دادو آج آپ بھی مہمی اور میرے ساتھ ہی سووگی "
"نا؟ ؟؟

جاناں ایک دفعہ پھر شروع ہو چکی تھی مہمل تو جاناں کی بات سن کے اب مارے خفے کہ بے ہوش ہونے کو تھی۔

مطلب کامل کے بعد اب جاناں اس کو ساس سے بھی ہار پھول پہنانے کی تیاری میں تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جبکہ جاناں کی بات پر کامل نے پہلو بدلا خوشی سے اسکا دل بھنگڑا ڈالنے کو تھا اب اس سے اپنی ہنسی ضبط کرنا محال ہو رہا تھا ۔

"جیو میری دل گردی جگر پھیپڑی جانا بچے ۔"

وہ ہلکے سے بڑبڑایا مگر بڑبڑاہٹ اتنی اونچی درود تھی کہ مہمل بآسانی سن چکی تھی ۔جب کہ مزنا اگنور گئیں جانا کی باتوں کو اور مہمل کی طرف متوجہ ہوئی ۔

" او مہمل بچے تم اتنی سرد کیوں ہو رہی ہو طبیعت تو ٹھیک ہے نا تمہاری بچے ؟؟؟؟

"مجھے دیکھ کر تو محترمہ ویسے ہی آپے سے باہر ہو کر سدھ بدھ کھو بیٹھتی ہیں اور آپ طبیعت کی بات کر رہی ہے؟؟ ....

کامل دل میں سوچتا مہمل کے قریب ہی بیڈ پہ جگا بنا کر بیٹھ گیا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تم دنیا کی سب سے حسین ترین بیوی ہو میری "
تمہارے حسن کوخراج تحسین بخشنا مجھ پہ فرض
ہے" ---
ماں سائیں کو دیکھ کے کامل نے موقع سے فائدہ اٹھا
کہ بہت دھیمے لہجے میں سرگوشی کی تھی مگر
اتنی بلند ضرور تھی کہ مہمل بآسانی سن سکتی تھی
مہمل کا چہرہ یکایک گلاب کی پنکھڑی کی مانند
سرخ ہو اٹھا وہ بے دردی سے اپنے لبوں کو دانتوں تلے
کچلنے لگی جیسے فرار کی راہیں ڈھونڈ رہی ہو مگر
ماں سائیں کے سامنے یہ ناممکن تھا ..
"مجھے لگتا ہے بلڈ پریشر لو ہے ....."
کامل کسی ماہر طبیب کی طرح مہمل کا یخبستہ ہاتھ
اپنے مضبوط ہاتھ میں قید کرتا اس کے بوکھلائے اور
سرخ چہرے کو دیکھتے ہوئے معنی خیز لہجے میں
بولا ---

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

نن۔۔۔نئ ماں سائیں میں بالکل ٹھیک ہوں بس صبح کا ناشتہ نہیں کیا تھا اس لیے شاید طبیعت کچھ نڈھال ہے۔ "۔۔

وہ سٹپٹا کہ جلدی سے گویا ہوئی ہتھلیوں میں پسینہ پھوٹ پڑا تھا۔ کامل کی بڑھتی ہوئی شوخیاں اس کا دل بند کرنے کو تھیں۔

اے بیٹا تجھے کیسے پتا کہ دھی رانی کا بی پی لو ہے؟؟؟ "

ماں سائیں حیرانی سے گویا ہوئیں جبکہ محمل کا دل چاہا کہ وہ کسی طرح کامل کی بولتی نظروں سے اوجھل ہو جائے ۔۔

وہ کیا ہے نا کہ میری موجودگی میں میری زوجہ محترمہ کا بی پی ھمیشہ لو ہی رہتا ہے ۔۔۔۔ "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

ابھی کمرے میں ہنسی مزاح کا ماحول پیدا ہوا وا تھا جب ملازمہ نے آکے روح فرزا خبر سنائی وہاں موجود سب نفوس کو جیسے سانپ سونگھ گیا۔

؟

حویلی میں شور مچ چکا تھا کہ وفا غائب ہے ۔

کامل اور جابر پاگلوں کی طرح وفا کی تلاش میں ادھر سے ادھر نکلے ہوئے تھے۔

تائی اور دادی بیگم۔ نے الگ ہی واویلامچا رکھا تھاجبکہ مزنا جائےنماز بچھائے بس وفا کی عصمت اور عزت کی بقاء کیلئے دعائیں کر رہی تھیں ۔

مہمل بھی پریشان سی مزنا کے پاس بیٹھی تھی ۔

وفا کی گمشدگی کا بھی الزام دادی اور تائی بیگم نے اسکو ٹہرادیا تھا ۔

مزنا کے کمرے میں جاناں کو ساتھ لگائے وہ وفا کی خیریت کی دعا کرنے میں مشغول تھی اپنے رب کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

حضور جانتی تھی ابکی بار اسکی سزا زندہ درگور ہونا ہوگی تائی بیگم نے تو حویلی کی پچھلی طرف موجود قبرستان میں اسکیلئے قبر تک کھدوادی تھی۔

مزنہ کے لاکھ سمجھانے کے باوجود بھی وفا کے گھر والوں کو ابھی تک وفا کی گمشدگی کی خبر نہ دی گئی تھی ۔اسکے ماں باپ کو انہی کی بیٹی کی بابت بتایا نہیں گیا تھا ۔

؟؟؟؟

امید بھابی آپ یہاں رہیے میرے پاس میں آپ کا بھائی" ہوں میں آپ کا خیال رکھوں گا آپ فکر نہیں کریں میں "آپ کا ہمیشہ ساتھ دوں گا ۔

امید کو اللہ تعالی نے بیٹی کی نعمت سے نوازا تھا مگر اس کی پیدائش کے بعد وہ بیمار رہنے لگی ٹیسٹ کروانے کے بعد رپورٹس میں پتہ چلا کہ اس کو ایڈزہو چکا ہےاور یہ کافی عرصے سے ہے جس کی پکڑ ڈاکٹرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

نے اب کی تھی وجہ امید کی لاپروائی تھی وہ اپنی خرابی طبیعت کے باوجود بھی پوری پریگنینسی میں ایک دفعہ بھی ڈاکٹر کے پاس نہ گئی بس ڈیلیوری کے ٹائم کامل اس کو لے کر گیا تھا اور جاناں کو لیکر کر وہ دونوں واپس آ گئے تھے امید نے اس وقت بھی اپنا کوئی ٹیسٹ نہ کروایا بس جو ضروری ٹیسٹ تھے اسکے وقت وہی ہوئے ۔

جاناں کا خیال بھی کامل نے رکھا تھا اور امید اب بھی زندہ تھی مگر وہ ابراڈ میں ہی ہسپتال میں زیر علاج تھی۔

جس کا خرچہ کامل پابندی سے ہرماہ بھرپور بھیجتا رہتا تھا اور اب اس کا ارادہ تھا جانا اور محمل کو ساتھ لے جا کے امید سے ملوانے کا مگر۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ یہ راز ہمیشہ راز رکھے گا کہ جاناں اس کی بیٹی "
نہیں ہے امید کا تعارف وہ مہمل۔ سے ایک دوست کی
"حیثیت سے کروائے گا وہ یہ سوچے بیٹھا تھا ۔
کیونکہ یہ وعدہ اس نے امید سے لیا تھا کہ وہ اس بات
کو تاعمر نبھائے گا اور جب تک جانا کو اس کا ہمسفر
نہیں مل جاتا تب تک چاہے تو وہ یہ راز راز رکھے ورنہ
شادی کے بعد اس کی بتا دیں مگر کامل کا ایسا کوئی
ارادہ نہ تھا ...

?????

یار شاہ زمان بہت بڑی بڑ ہوگئی ہے وفا گمشدہ ہے
صبح ہمیں پتہ چلا ہے اور اس کا اب تک کچھ معلوم
نہیں ہوا صبح سے شام ہو چکی ہیں ..
جابر نے شازمان کو فون ملایا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جانتا ہوں مگر اب وفا کو بچانا بہت مشکل ہو جائے گا
جب ہم نے جتنی کوشش کرنا تھی کرلی مگر وفا اب
خود پھنسی ہے اس کو نکلنا بھی خود ہوگا ۔
شازمان نے جابد کو کہہ کے فون بند کیا کیونکہ
دوسری طرف ایک اور کال آرہی تھی اسی سلسلے
میں۔
????
"چھوڑو مجھے درندے ،ذلیل انسان"
وفا بپھری ہوئی شیرنی کی طرح اس کے اوپر جھپٹی
تھی خود کو چھڑانے کے لیے ۔بس نہیں چل رہاتھا کہ
پپو کا منہ نوچ لے۔
اوہو اک تو تم مجھے اتنے پوپٹ قسم کے ناموں سے
"پکاروگی تو میں پیر سے پہلے ہی تمہارا شکار کرلونگا
وہ بے ہنگم کہکہ لگاکہ زور سے ہنس دیا ۔وفا کو جھر
جھر ی سی چھو گئی دل میں وہم و وسوسوں نے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kabi to Pass Mery Aao| By Aymen Nauman (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

یکدم ڈیرہ جمایا لیکن پھر یکدم کہیں دور سے اسکے باپ کی بھلی سی آواز گونجی تھی اسکے کانوں میں۔

"عزت اور زلت دیناصرف اللہ رب العزت کا کام ہے!

کسی کے چاہنے یا نہ چاہنے سے ہم برباد یا پھر آباد نہیں ہوسکتے" ۔

" میری بلبل تم خود پنجرے میں قید ہونے رات اندھیرے میں آسمان سے اترتی چلی آئی ہو زمین تک تو اس میں میرا کیا قصور ہے ؟؟؟؟

" میری جھولی میں تو خود کسی پکے ہوئے پھل کی طرح تم آکے گری ہو" ۔

" اب بس مجھے اس پھل کے کھٹا میٹھا ہونے سے لطف اندوز ہونا ہے"

پپو نے وفا کو سامنے رکھے سنگل بیڈ پر زور دے پٹخا تھا اور خباثت سےمسکرانے لگا اوراس کو ایسی نظروں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

سے دیکھا جیسے وہ واقعی کوئی پھل ہو اور اب پپو کو اس سے بھرپور انصاف کرنے کے لئے دے دیا گیا تھا ۔

" تمہارے پروں کو کاٹنے وقت بہت وریب آچکا اور کیا ہے نہ کٹونی!! اب ایسا کرنا بہت ضروری ہو گیا ہے "

وہ ایک قدم بڑھاتا اس کی طرف بڑھا مگر وفا اس قدر بے خوف ہو چکی تھی کہ اب اس کو پپو کی جان لینے سے بھی کوئی نہیں روک سکتا تھا ۔۔۔

"تم میرے پروں کو کیا کاٹو گے؟؟"

" میں تم سب کو جیل کی سلاخوں میں پہنچ واکر ہی سکون کا سانس لونگی "

" میری موت سے پہلے تم سب کو مروا کہ ہی موت کو گلے لگائونگی"

" اور وہ ایسی دردناک موت ایسی موت دلوانگی کہ تم جیسوں کی روح تک کانپ جائے گی سن کہ"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ انگشت شہادت بلند کرکے بولی آنکھوں سے اسکی غصے کے شرارے پھٹ رہے تھے ۔

خیال تھا تو بس باقی کمروں میں قید معصوم زندگیوں کو بچانے کا مگر تمام تر بند ہوچکے تھے لیکن اس کے پاس ایک سہارا موجود تھا وہ تھا خدا کا جس پر اس کو مکمل یقین تھا کہ وہ کبھی اس کو بے یارو مددگار نہیں چھوڑے گا اپنی عزت و عصمت کی حفاظت اس نے یہاں آنے سے پہلے ہی اپنے رب کی سپرد کر ڈالی تھی۔

!!تو بھلا وہ کیسے اس کی حفاظت نہ کرتا ...

"پہلے خود تو بچ کے نکل جاؤ میری بلبل میرے پنجرے سے"

وہ اس کے اوپر جھکا ۔

"تم دعا کرو کہ میں بچ کے نہ نکل سکوں ورنہ تم سب رات دن مروگے "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

بھیک منگواکہ ر ہوگی میں تم لوگوں سے تمہاری "
"موت کے لیے ۔

وفا کی اس قدر بے خوفی سے بات کرنے سے پپو نے ایک ہی جست میں اپنے ایک ہاتھ سے وفا کے جبڑے کو دبوچا تھا اور دوسرے ہاتھ کی مٹھی میں اس کے بالوں کو ۔

لڑکیوں کو ایک حد تک بہادر ہونا چاہیے ورنہ اس سے "
"آگے پپو دی پٹ کا کام شروع ہوتا ہے ۔

وہ مکمل پپو کے حصار میں تھی ۔

وفا یکدم بے طرح کھانسی اٹھی تھی۔

ایک تو پپو کی گرفت اتنی مضبوط تھی کہ وہ تکلیف سے دوری ہوگئی تھی جبکہ اس کے منہ سے اٹھتی ناگوار بدبو وفا کے نتھنوں سے ٹکراتے ہی وفا کو ایسا لگا تھا جیسے کہ وہ بے ہوش ہو جائے گی ۔پپو اس ناقابل فہم تاثرات چہرے پہ سجائے اس کے اس قدر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

قریب ہو چکا تھا کے اس کے وجود اور منہ سے آتی بدبو وفا کی برداشت سے باہر ہو رہی تھی ۔

" دور ہٹو مجھ سے خبیث انسان تمہارے جسم سے اٹھتی غلیض بدبو اس بات کی گواہ ہے کہ تمہارا پسینہ بھی تمہیں قبول کرنے سے انکاری ہے"

وہ چہرے کو پیچھے کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر پپو کے ہاتھوں میں بال بری طرح سےجکڑے ہونے کے باعث یہ ناممکن تھا ۔۔

ہاہاہا۔۔۔۔!

" آپ اپنی تعریف کیا ہی کروں میں میری چھمو جانیمن!! ابھی جس سے تم ملی ہونا باہر ،اس پیر سے بھی دس گناہ زیادہ حرامی ہو میں "

"یہ سمجھ لوتمہاری سوچ سے کہیں زیادہ ۔"

"کمہنے مرے تھے تب میں ایک پیدا ہوا تھا ۔ "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو کی آنکھیں شدید سرخی مائل ہورہی تھیں جبکہ بھینچے ہوئے لب مزید جامنی رنگت اختیار کر گئے تھے۔

" تم سے اور امید بھی کیا کی جاسکتی ہے میری عزت کا جنازہ نکالنا چاہتے ہو نہ؟؟؟ پہنچو تو ذرامجھ تک پہلے"۔

" تم سمیت تمہارے اس پیر کا ٹیٹواں نہ مروڑ دیا تو میرا نام بھی وفا نہیں ۔"

وہ کسی قسم کے بھی دبائو میں آئےبغیر بس آر یا پارکرنے کے موڈ میں تھی ۔۔

"آج وقت تمہارے ہاتھ میں ہے نا؟؟؟؟"

"!!وقت ہی تو ہے بدل جائے گا"

"!بہت جلد۔۔۔۔۔۔۔"

" آج تمہارا ہے کل میرا ہو گا"

"انشاءاللہ ۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پھر پوچھوں گی تم سے تمہاری اوقات !!یہ وفا کا "
وعدہ ہے اور میری جو قسمت میں لکھا ہے نہ وہ میرے
"ساتھ ہو کر رہے گا کیونکہ یہ میرے خدا کا وعدہ ہے ...
اگر میری موت آچکی ہے تو مجھے آ جائے گی میرے "
"ساتھ کچھ بھی برا ہونا ہے تو وہ ہوکر رہے گا
کوئی بھی مجھے چاہ کر بھی بچا نہیں سکتا اور اگر "
"میرے ساتھ کوئی بھی برا نہیں ہونا تو .....
تم جیسے اگر سینکڑوں بھی آ کر کھڑے ہو جائے نہ تو "
"میرا بال بھی بیکا نہیں کر سکتے ..
"پھر میں پوچھوں گی تم سے تمہاری اوقات ۔"
وہ جنونی انداز میں چیخنے چلانے پہ آ چکی تھی اور
اتنی زور سے دھاڑرہی تھی کہ پپو کو پورا یقین تھا کہ
اس کی چیخ چلانے کی آوازیں کمرے سے باہر تک جا
رہی ہونگی اور وہ یہی چاہتا تھا ..
"رسی جل گئی مگر بل نہیں گئے ۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میری بلبل آپس کی بات ہے اوقات تو کتوں کی بھی "
"!!!ہوتی ہے وہ پپو کی تو عزت ہے عزت ۔
!! درد تو نصیب سے ملتا ہے جان من"
اوقات تو فلحال تمہاری بھی مجھے تڑپانے والی نہیں "
"ہے
"ہاہاہ"
وفا کی بیوقوفی اور جنونی انداز پپو کو بہت کھلا تھا
وہ باہر جانے کے بجائے اندر ہی زمین پر چوڑا ہو کے لیٹ
گیا اب صرف اسکی نگاہیں وفا کا ایکسرے کرنے میں
مصروف تھیں جب کہ وفا اپنی فرار کے راستے تلاش کر
نے میں مصروف ۔
پر س بھی پپو نے اپنےسر کے نیچے تکیے کی طرح
استعمال کیا ہوا تھا جس میں وہ اپنے تمام حفاظتی
اوزار حویلی سے لے کر نکلی تھی
❤❤❤

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کیا کر رہے ہیں یہ آپ لوگ ؟؟۔

کیو میری بیوی کو اپنی عدالت کے لٹھہرے میں کھڑا کر رکھاہے؟؟؟؟

وہ مہمل کو اپنے کمرے کی کھڑکی سے چابک سے مار کھاتادیکھ کہ بھاگتا ہوا حویلی کے پچھلی طرف بنے قبرستان کے سامنے بنے بڑے سے باغیچے میں ڈوڑتے ہوئے آیا آنکھیں حیرت و ازیت کے باعث سرخ ہوئیں سامنے وفا کہ نام کہ کھودی قبر دیکھ کر۔

" اسنے بھگایا ہے اس شہری کڑی کو"

دادی سائیں تنفر سے گویا ہوئیں

" یہ کیوں ایسا کریگی اسکو کو کتنی رکعت کا ثواب ملے گا ایسا کرکہ"

کامل کے بجائے جابر دھاڑا۔

" اس بے زرر سی لڑکی کو بربریت کا نشانہ بناکہ کیا حاصل ہوگا آخر بابا سائیں۔ ۔۔؟؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جابر شور سن کے بھاگتا ہوا آیا تھا گیراج کی طرف سے اپنی گاڑی پارک کرکہ اور اب عالم اشتعال میں باپ سے مخاطب تھا۔جبکہ کامل نے مہمل کو اپنی پشت کے پیچھے پناہ دی ۔

" ایسےجیسے مہمل سے پہلے اس کی لاش پہ سے سب کو گزنا پڑے گاتب جاکہ کہیں مہمل کی زات تک پہنچ سکتا تھا کوئی بھی۔ "

"کامل آغا مجھے بچالیں میں نہیں جانتی وہ کہاں ہے" وہ اسکا کوٹ اپنی مٹھیوں میں جکڑتے ہوئے گویا ہوئی حیسےاس کی پناہ میں چھپنا رہی تھی ۔۔

"کامل تم بیچ میں مت آئو۔ ۔"

دادی بیگم نے تنبیہی انداز میں کرختگی سے کہا۔

" میں بیچ میں کیسے نہ آؤں ؟؟؟میری بیوی ہے یہ اس حویلی عزت ہے "

وہ غصے سے پھٹ پڑا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تو کچھ بولتی کیوں نہیں بتا کہاں چلے گئی وہ لڑکی "
"؟۔

تونے ہی مددکی ہوگی مجھے بہت اچھی طرح معلوم "
"ہے۔ ۔

تائی بیگم نے مہمل کو حقارت سے دیکھ کہ کچھ اس طرح سے پیچھے سے وار کیا نا محسود انداز میں کہ مہمل کو بالوں سے پکڑ کہ اسکا سر دیوار پہ دے مارا۔

بتا نہیں تو تجھ سمیت تیری ماں کا بھی سر قلم
"کروادینگے۔ ....

تایاسائیں بے رحم ہوئے۔

بس کریں آپ لوگ انتہا ہوگئی ہے ظلم کی بخش۔دیں "
"اس معصوم کو ...

کامل کا جیسے ضبط جواب دے گیا تھا ۔مہمل کی پیشانی سے اب باقاعدہ خون رس رہا تھاوہ محمل کو اپنے بازو میں اٹھائے اندر کی طرف بڑھتے ہوئے چلایا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

مم۔ ۔۔مجھے نہیں پتہ میں ک۔۔کک۔۔۔کچھ نہیں "
"جانتی۔ ۔

میں نے کامل کے کوٹ کو سختی سے پکڑا ہوا تھا جب سامنے سے دادی بیگم آکر راستہ روک کے دونوں ہاتھ ہوا میں معلق کیے کھڑی ہوگی ۔

کوئلہ لائو اچھے سے دہکا کر ۔جب اس لڑکی کی زبان " تلے سلگتا ہوا کوئلہ رکھا جائیگا یہ تب ہی بولے گی۔

"""" ۔۔

۔دادی بیگم نے فرمان جاری کیا۔ ۔۔

"رحم کریں اس پہ یہ مرجائیگی۔ ۔۔"

میری بیوی پہ ابھی کوئی جرم عائد نہیں ہوا ہے اور " جب تک میری بیوی کے اوپرکوئی جرم عائد نہیں ہوجاتا میں کسی کو بھی اس کے قریب آنے نہیں دوں گا اور میں جانتا ہوں یہ مجرم نہیں ہے اور جس دن یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پتہ چلا کہ مجرم یہ نہیں ہے اس دن پھر جو سزا میں
" دوں گا اس کے مستحق آپ سب لوگوں ہونگے
کامل نے غصے سے بے قابو ہوتے ہوئے بے لچک لہجے
میں کہاں ۔
"بہتر ہے کامل تم اس وقت تم وفا کو تلاش کرو۔ ۔
تائی بیگم نے ارشاد فرمایا جو کامل کو مزید آپ کے
شعلوں کی لپیٹ میں لے گیا ۔
وفا کو تلاش کرنےکیلئے میں نے پورا ملازم لگا دیا ہے "
اور جابر نے اپنے چینل سے منسلک کافی لوگوں کو اس
" کام پے لگا چھوڑا
ابھی میری بیوی کو میری ضرورت ہے اس کو آپ "
لوگوں نے جتنا زخمی کرنا تھا کر چکے اب مرہم لگانے
" دے مجھے
وہ ر کا نہیں تھا ممل کو کمرے کی طرف لے کر تنفر
کرتا بڑھ چکا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"افسوس ہوتا ہے مجھے آپ سب لوگوں کی ذہنیت پہ" جابر نے تاسف بھری نظر وہاں موجود سبھی نفوس پر ڈالیں اور اپنی جیپ کی طرف واپس بڑ گیا اب اس کو شاہ زمان سے ملنا تھا۔

یار جابر میں پوری کوشش کر رہا ہوں کہ وہاں موجود تیری کزن اور باقی لوگوں کو بھی با حفاظت نکال سکنے کی مگر یہ کام اتنا آسان نہیں ہے اگر صرف وہاں سے وفا کو نکالتے ہیں تو باقی لوگوں کو پھر ہم آزادی نہیں دلوا سکتے اور یہ لوگ مزید شیر ہو جائیں گے۔

" جانتا ہوں وفا نے بہت بڑی غلطی کی ہے مگر میں نے تو اس کی حفاظت کے لیے مزار کے گرد اپنے بندے تک کھڑے کئے تھے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" وہ تیری بات درست ہےجابر مگر اس کی ایک بیوقوفی ہم سب کو سمیت وہاں موجود لڑکیوں کو نقصان پہنچانے کا باعث بن سکتی ہے ۔

" وہ بیوقوف لڑکی اپنے آپ کو نجانے اتنا اونچا کیوں سمجھ نہ لگی کہ پیر کے آستانے رات کو نکل گئی جابر رہنے دو بہت جرت مند لڑکی ہےوہ روز اول۔ سے میں اسکو وارن کر رہا ہوں ۔"

" وفا سےاس دن پتہ چلا کہ وہ تیرے علاقے کی ہی لڑکی ہے اور پھر تیرے ڈرائیور سے تمہارا لوگوں کا نام جان کر مطمئن ہو گیا لیکن جب اس کو دوبارہ آستانے پر دیکھا تو میرا دماغ گھوم گیا کیونکہ یہ باز نہیں آرہی تھی یہ نقصان اس نے اپنی قسمت میں خود لکھا ہے"۔

حد یہ کہ ہم دونوں ایک دوسرے سے مکمل رابطے میں رہے اس پورے مشن کو لے کے مگرسارا کام خراب کردیا صرف وفا کے ایک چھوٹے سے غلط قدم نے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" یار تو تو ایسا نہ کہو"

" تو تو میڈیا کا خوف یہ بندہ ہے وہاں پر موجود تیرے 7 تیری پوری ٹیم ہے پھر تو کیوں ایسا کہہ رہا ہے تیرا تو کام ہی اس طرح کے کاموں میں ٹانگ اڑا کے خفیہ اڈوں تک پہنچنا اور راز فاش کرنا ہے ۔"

" تو میرے چینل آگہی "کا ہیرو ہے جس کو آج تک کسی نے نہیں دیکھا نہ کوئی تیرا چہرہ پہچانتا ہے۔"

" جابر تو ٹھیک کہہ رہا ہے مگر پوری پلاننگ کے تحت اب آگے کا لائحہ عمل طہ کرنا ہے ہوسکتا ہے کئی جانیں بھی جائیں پہلے کبھی کسی نے اتنی دیدہ دلیری سے میرے کاموں میں ٹانگیں تو نہیں اڑائی ہے اس لیے آپ کا کیا میرے مشن سارے کامیاب رہے مگر اس دفعہ تیری کزن نےسارا کچھ ستیاناس مار دیا میری پوری پلاننگ کوتبہا کر چھوڑا ہے اس نے "

❤❤❤❤

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kabi to Pass Mery Aao| By Aymen Nauman (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میرے اللہ مجھے آخری دفعہ میری بیٹی کو دکھا دے "
میں اس کو دیکھنے کے بعد سکون سے سو جانا چاہتی ہوں ہمیشہ کیلئے مگر میری آنکھ بند ہونے سے پہلے
" صرف ایک دفعہ تو مجھے میری بیٹی سے ملا دے
امید کی آخری سانس لک چل رہی تھی وہ وینٹی تھی مگر بس اپنی بیٹی کا دیدار کرنے کے باعث موت اور اس کے درمیان صرف خواہش اک اٹکی ہوئی تھی
❤❤❤❤❤
دماغ ٹھکانے پر آیا یا نہیں اس لڑکی کا ؟؟؟
پیر نے سامنے ناچتی لڑکی کو اندر جانے کا اشارہ کیا۔
نہیں سائین بہت ہی کوئی توپ شہ ہے مرنے مارنے پر"
"تلی ہوئی ہے ۔
تو تم شیر کی طرح نکال دو کس بل دیر کس بات کی ہے۔؟
"شروع میں تو سبھی نخرے دکھاتے ہیں ۔ "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اور نخروں کو توڑنا بھلا کوئی مشکل بات ہے ہمارے "
"دھندے میں پپو ۔

شیر دل کی طرف سے جواب حاضر ہوا پپو نے
ناپسندیدگی و ناگواری چہرے پہ سجاکہ اس انسان کے
چوغے میں شیطان کو دیکھا جو خباثت سے مسکرا رہا
تھا۔
پپو کا بس نہیں چل رہا تھا کہ اس کا منہ توڑ کے ہاتھ
میں دے دے۔
"زبان سنبھال کے بات کرو وہ تیرا شکار نہیں ہے ۔ "
پپو کسی شیر کی طرح اس پے چھپٹا ۔
آؤ تو کیوں اتنا اچھا چل رہا ہے پوپٹ؟؟؟'
!! شکار تو تیرا بھی نہیں بنے کی وہ
"کیوں پیر صاحب صحیح کہا نا میں نے؟؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

سامنے زیر لب مسکراتے جام پہ۔جام نوش فرماتے پیر صاحب کو شیر دل نے مخاطب کیا انداز ایسا تھا جیسے اپنی بات کی تائید جا رہا ہوں ۔

" کیوں چھورے کہیں دل تو نہیں لگا بیٹھا تو اس شہری کڑی سے ؟؟؟"

" ہمارے اس دھندے میں دل کا کوئی کام نہیں سمجھا"۔۔۔

پیر نے برہمی سے کہا۔

" جانتا ہوں "۔۔

پپو نے کہتے ہوئےاک دفع پھر شیر دل کو خون آشام نظروں سے دیکھا تھا۔

" اور تو نے دو دن سے اس کو کمرے میں قید کر رکھا ہے نکال اس کو باہر!! لاس اینجلس سے بڑا آرڈر ملا ہے دو تین اس کی فلمیں ریکارڈ کرتے ہیں بہت مال ملے گا ۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اس میں آدھا تیرا آدھا ہمارا آخر کو اس لڑکی کو "
"گھیرنے میں تیرا بھی ۔

پیر کے چہرے پہ لالچ کی وجہ سے خدا کی پھٹکار برس رہی تھی مگر وہ بڑے فخر سے گندگی کے دلدل میں خود کو اندر دھنائے بے فکر گھوم رہا تھا۔پپو سوچ کے رہے گیا۔

" مجھے پیر جی حصہ نہیں چاہیے اپنا"

پپو نے عاجزی سے درخواست شروع کی پیر کے سامنے
۔

"پھر تم کیا چاہتے ہو ؟؟؟؟"

پیر کی غلیظ نظریں پپو پہ جمی اسکے جواب کی منتظر تھیں ۔جنکہ شیردل۔نے جانچتی تیز طرار نگاہوں سے اس کو دیکھا ۔

مجھے اس کے ساتھ اک رات اپنے اندر کی آگ ٹھنڈی "
"!!کرنی ہے ہر صورت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو کے چہرے پر نفس کی بھوک کے آثار ایسے تھے کہ جن کو کچھ دیر پیر نے دیکنے کے بعد خباثت سےکہا۔

" ہمارا بھلا ہوا کہ تم بھی اب اس کاروبار کے عادی ہوئے "

" تم میرے وفادار ہواس سے پہلے تم نے ہم سے کوئی فرمائش نہ کی ہے مگر آج تم نے اس چیز کی خواہش کر ڈالی ہے جس کے وجود کےلئے میں پچھلے دو دن سے خوار ہوں"

پیر نے ٹھنڈی آہ بھری۔

"مجبوری ہے پیر صاحب مال ہی ایسا ہے .."

پپو حوس بھرے لہجے میں کہا۔

" جا میرے شیر فی تجھے آج رات!!جام کھول نوش کر لے لیکن اگلی رات میری ہے ..."

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پیر نے گویا اس کی ساتھ پشتو پہ احسان کیا جبکہ شیردل کے دل میں پیر کی پپو کو لہکر بڑھتی ہوئی نوازشات دیکھ کہ حسد کا کیڑا بیدار ہوا تھا۔

سر جی شکریہ شکریہ "۔ "

پپو نے خوشی سے لڈی ڈالتے ہوئے پیر کے ہاتھ چوم لیے جیسے کل کائنات کی دولت میسر آگئی ہو ۔۔

ارے پوپٹ یہ۔بتاتا جا کہ اس لڑکی کے بیگ کی تلاشی۔لی تونے؟؟؟؟

پیر کو یاد آیا کہ پپو نے بیگ چھینا تھا وفا سے۔

پپو کے واپس مڑتے قدم لمحے بھر کو تھمے۔

"جی پیر جی مگر اسکے پرس میں سوائے میک اپ کی اشیاء اور اک کتاب کے کچھ نہیں بر آمد ہوا حد یہ کہ موبائل بھی نہ تھا۔۔۔"

وہ ٹھہر ٹھہر کے بولا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

موبائل تو لازمی ہوگا اس کے پاس شہر کی لڑکی ہے "

"موبائل نہ ہو ایسا ممکن نہیں

پیر کا ماتھا ٹھنکا۔

میں نے اسکی درگت بنادی موبائل کی بابت پوچھ "

"!پوچھ کے مگر وہ ہے کہ۔۔

موبائل گھر سے لیکر نکلی تھی اور میں نے اسکا '

"موبائل۔چھپڑ کرلیا ہے

دیکھ پپو لڑکی ہوشیار ہے نظر رکھ کوئی چلاکی نہ "

" کرے

پیر بھی کوئی کچاکھلاڑی نہ تھا اس۔میدان کا۔

؟

کامل آغا اگر میرا کوئی قصور نہیں ہے تو ہمیشہ '

"مجھے ہی کیوں سب قصوار ٹھہراتے ہیں سب؟؟؟

کامل نے بس بے بس سی نظروں سے اسکو دیکھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

مم میں آپکی قسم کھاکہ کہتی ہوں مم۔۔میں گناہگار نہیں"

مہمی میرا اور تمہارا رشتہ اتنا کمزور نہیں ہے کہ " تمہیں میرے سامنے کسی قسم کی صفائی پیش کرنی پڑے"

مہمل کے چہرے پر کامل کے یقین و اعتماد بخشتے لہجے کو سن کے اطمینان سی پھیلا جبکہ کامل کے تاثرات اب بھی پتھریلے تھے۔

مہمل کوبیڈ کر اون سے ٹیک لگا کہ بٹھانے کے بعد وہ اس کے ہونٹ اور پیشانی سے رستہ خون صاف کر رہا تھا ۔

مہمل کی تکلیف اس کے اندر غصے کی آگ برپا کر گئی تھی ۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kabi to Pass Mery Aao| By Aymen Nauman (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

مجھے پتا ہے مہمل تم سے کس چیز کا بدلہ لیا گیا ہے "
؟؟؟"

وہ بس اتنا ہی بولا تھا لب بھینچے وہ گہری سوچ میں تھا جبکہ مہمل نے الجھی نگاہوں سے کامل کو دیکھا لیکن پوچھ نہ سکی کہ آخر ایسی۔کون سی وجہ تھی جس کے باعث اتنا ظلم اک مظلوم پہ؟؟؟۔۔
"سی ۔۔"

پیشانی کے بعد جیسے ہی کامل نے ڈیٹول سے محمل کے ہونٹ سے رستے خون کو صاف کیا وہ تکلیف اور جلن سے کراہ اٹھی ۔

مہمی بہت درد ہو رہا ہے نا بس یہ آخری تکلیف ہے "
" جو تمہیں ان لوگوں سے ملی
" مگر اب نہیں"
"یہ کھوکلا نظام بے جا قبائلی قانون اب بدلینگے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کامل اسکو سینے سے لگائے پشت کو تھپکی دے رہا تھا۔مہمل لو خگا جیسے یکدم ہی سب درد کامل کے اعتماد و یقین بخشتے الفاظوں نے خود میں سمیٹ لئے تھے وہ اتنی محبت کو پانے کے بعد یک لخت ہی بہت پرسکون ہو گئی تھی۔

"چلو شاباش اٹھو گرم پانی سےشاور لے لو نہیں تو ٹھنڈ سے تمہاری یہ چوٹیں ہمیشہ دکھینگی اور آرام دہ لباس پہن لو میں آتا ہوں تمہارے لئے کھانا لیکر پھر دوا دونگا کھاکہ سو جابا"

وہ کہتے ہوئے مہمل کو واشروم تک سہارہ دیکر پلٹنے ہی والا تھا مگر مہمل کڑکھڑاتا دیکھ کہ باہر جانے کا ارادہ ملتوی کر کہ واپس پلٹا تھا۔

"آو میرے ساتھ"

وہ گمبھیر لہجے میں کہتا اسکو اک دفع پھر تھام چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"کک۔۔کامل۔۔۔آغا"

وہ ہچکچائی حیا کے رنگ اسکے چہرے کو گلنار کر گئے تھے۔

"میں غیر تو نہیں ہوں شوہر ہوں تمہارا مہمی"

وہ شاید مہمل کا اسکا اعتماد چاہتا تھا اپنی زات پہ۔

" آپ نہیں جانتے آپ میرے لئے کیا ہیں"

وہ بھرائے ہوئے لہجے میں بولی کامل اور جاناں کے علاوہ اب باقی بچا ہی کون سا رشتا ہے نبھانے کو ؟ماں باپ بھائی تھے وہ اسکو تنہا چھوڑ کہ کشمالا کو لیکر فیصلا آباد شہر میں جابسےتھے ۔کون تھا اسکا پرسان حال سوائے اسکے محرم کہ۔

" میں سب جانتا ہوں!! تمہاری سوچ سے پہلے میری سوچ تمہاری سوچ تک رسائی حاصل کرلیتی ہے"

شاید تمہیں مہمی یہ پتا نہیں ہوگا کہ تمہارا دل کتنا تیز ڈھڑکتا ہے میرے قریب آنے پہ "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ حیرت سے دوچار ہوئی جھکی نگائیں اونچی کرکہ بے ساختہ اسکی آنکھوں میں دیکھنے پہ مجبور ہوئی تھی ۔سچ ہی تو کہہ رہا تھا وہ ۔وقت تھم چکا تھا پلکل ۔چاموشی آواز بنی ان دونوں کے درمیاں گفتگو کر رہی تھی۔

"دھڑکن بھی آپ ہی کی ڈھکنوں سے بندھی ڈور کی عنایت ہے کامل"

وہ اسکی آنکھوں میں ٹھاٹیں مارتے سمندر کو دیکھ کہ نظر چرا گئی۔جبکہ کامل اتنے پیاری بات پہ مسکرادیا اور اسکو سہارا دیتے ہوئے واشروم کے اندر لے کر بڑھ گیا۔

کچھ دیر بعد اسکو شاور دلواکہ وہ باتھ گائون پہنا کہ باہر لایا تھااک نظر خود پہ ڈالی اپنے کپڑے پورے بھیگا دیکھ کہ اسنے مہمل کو دیکھا جو اسی کو کھوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کھوئے انداز میں دیکھ رہی تھی اسکی نظروں کا ارتکاز محسوس کرکے یکدم سٹپٹا گئی ۔

اس کے اس طرح گڑبڑابے سے وہ بھرپور محضوض ہوا تھا۔

الماری میں سے نائٹ ڈریس لیکہ وہ اسکا بغیر اپنی پرواہ کئے اتنی سخت ٹھنڈ ہونے کے باوجود پہلے اسکےتن کو ڈھانپنا چاہتا تھا۔

محترمہ مراقبے میں سے نکل آئیے اس باتھ گاون کو "اب اجازت دیں اور یہ زیب تن کیجئے"

"مم میں کرلونگی چینج"

چینج تو میں کرواچکا ہوں بس اب تم میرے ہوش " مت اڑاو اور مہربانی کرکہ مجھے یہ پہنانے "

"اب دو دل بے ایمانی پہ اکسارہا تھا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ گہرے لہجے میں گویا ہوا اور باتھ گائون سائیڈ پہ رکھنے کے بعد وہ اب اسکو نائٹ ڈریس پہنا کہ بغیر اپنے بھیگے لباس کو تبدیل کئے کھا نا لینے جاچکا تھا۔

تم سے محبت کرنے کیلئے میں اس دنیا میں آئی ہوں"

"تم سے محبت کرنے کی۔ اجازت میں رب سےلائی ہوں

وہ۔ سوچ کہ رہے گئی۔

❤❤❤❤

رات کے بارہ بجے کے قریب پپو کمرے میں داخل ہوا ۔وفا کو شام میں اسنے زبردستی نیند گولی دے کر اسکو اندر بند کرکے باہر سے تالا لگا کہ تہہ خانے سے باہر چلا گیا تھا۔

وفا اب بھی سورہی تھی۔ مگر اسکے سوئے ہوئے جزبات کو جگا گئی تھی ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ آہستہ سے اسکی طرف بڑھا تھا اور اسپر جھکا تھا جب وفا نے اسکی نظروں کی تپش محسوس کرکہ یکدم آنکھیں کھولی تھیں۔

مگر یہ کیا اسکی دونوں کلائیاں پپو کے مضبوظ ہاتھ کی کرخت گرفت میں قید تھیں وہ اسکے اوپر اس قدر جھکا ہوا تھا کہ پپو کی شرٹ سے اٹھتی عطر کی خوشبوں اسکے ہواسوں کو جھنجوڑ رہی تھی۔

❤❤❤

وفا کا دم گھٹ رہا تھا مگر پپو کی گرفت اتنی سخت تھی کہ وہ خود کو چاہ کر بھی آزاد نہیں کر پا رہی تھی

۔

اب ایک ہی حل باقی بچا تھا اپنی عزت کو بچانے کے لیئے و فا کے پاس اسکے علاوہ اسکے پاس دوسرا کوئی آپشن ہی نہ رہا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"میں کہتی ہوں مجھے چھوڑ دو ۔"

وہ اس سے اپنا آپ چھڑوانے کی سر توڑ کوشش کررہی تھی۔

" چھوڑنے کے لئے تو اتنے پاپڑ نہیں بیلے میری بلبل"

آج تو میری رات چاندنی ہےسوہنیوووووو"----"

پپو کی ڈھٹائی عروج پہ تھی۔

آخری دفعہ کہہ رہی ہوں چھوڑ دو مجھے نہیں تو "

"آگے کے لیے تم خود ذمہ دار ہو گے

وفا کا لہجہ تمبیہی ہوا۔

"آج نہ چھوڑیں گے تجھ کو دھن دھنا دن۔"

وہ بلبلا کے پیچھے ہٹا اور منہ پہ ہاتھ رکھے وہ بری طرح کراہتے ہوئے اپنی چیخ روکنے کی ناکام کوشش کر نے لگا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وفا نے وار ہی ایسی جگہ کیا تھا کہ وہ زبط کے کڑے مراحل تے کرنے پہ مجبور تھا۔

" ہائےےےےےےبڑا ظلم ہوگیا یہ توتم پہ پپو دی پوپٹ"

وہ چیرے پہ مصنوئی فکرمندی سجائے پپو کےزخموں پہ نمک چھک رہی تھی۔

" چچ۔ ....چچچ نہ کسی کوبتا سکتے ہو اور نہ دکھا سکتاہو اور تو اوربے بسی کی بھی انتہا یہ ہے کہ کھل کے چیخ چلا بھی نہیں پا سکتے ہائے ویری سیڈ۔ ....."

"ویسے درد زیادہ تو نہیں ہو رہا نہ؟ ؟؟؟؟"

وفا کہتےکے ساتھ ہی بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی اور دونوں ہاتھ سینے پر باندھے وہ ہونٹوں پہ طنزیہ مسکراہٹ لیے کھڑی تھی ۔

" نہیں بلکل نہیں تمہارے چھکا لگانے کے بعد تو میرا اپنی عظیم کامیابی پہ لڈیاں ڈالنےکو دل چاہ رہا ہے"۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ دانت پیس کے بولا

" میں نے کہا تھا نہ کہ مجھے چھوڑ دو مگر تم نے شاید

" مجھے بہت حلقہ لے لیا تھا

"چچچچچ۔ ۔۔چچچچچ"

وہ درد سے بلبلاتے گھٹنوں کے بل بیٹھے پپو کے ارد گرد چکر کاٹتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں سے فرضی ریت جھاڑتے ہو ئے بولتی پپو کو مزید سلگا گئی لیکن پپو اسکو مزید سخت سست سنانے کے بجائے لب بھینچے خود کو سنبھالنے کی کوشش کر رہا تھا۔

-

" وفا سے پنگا از ناٹ چنگا پپو دی چرسی"

وفا کا خود پہ اعتماد اور اطمینان قابل دید تھا۔

تم سے میں ایک ہی دفعہ نمٹونگا، "

سارے حساب برابر ایک ہی دفعہ ہوں گے تم سےتھوڑا انتظار کرو بس"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kabi to Pass Mery Aao| By Aymen Nauman (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ غصے کے مارےتکلیف سے کراہنے کے باوجود اس چلتی پھرتی آفت کی پرکالا کو خونخوار نظروں سے گھورنا نہیں بھولاتھا ۔لہجے میں حد درجہ سنگینی لیے وہ اس نا جانے کیا جتا رہا تھا ۔

"ٹائم پاس ہی کرنا تھا تو کوئی گیم کھیل سکتے ہو مگر میں نہیں!!"

"ہوا کی بیٹی ہوں کھلو نانہیں تمہارا ۔"

" ہاتھ لگاؤ گے تو توڑ دوں گی"

"قریب آؤ گے تو ٹھوک دوں گی ۔۔"

" عملی مظاہرہ تو ابھی تم میری جرت کا دیکھ ہی چکے ہو!! کہو تو ایک دفعہ پھر سے ہو جائے ۔"

وفا کا اتنا کہنا تھا اور پپو یکدم تیزی سے اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

"مہربانی تمہاری بہت مت کرو میری فکر"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ تیش میں آ کر بولا ۔اب خود کو کافی حد تک سنبھال چکا تھا اور وفا سے ہوشیار بھی ہو گیا تھا ۔تب ہی کمرے کا دروازہ بجا تھا۔

پپو نے بازو سے چہرے پہ آیا پسینہ صاف کیا اور وفا کو سختی سے چپ رہنے کا اشارہ کرکے دروازہ کھولنے کے لیے بڑھا

" کیا ہے کیوں آئے ہو

سامنے شیردل کو دیکھ کہ پپو کا حلو تک کروا ہوگیا۔

سب ٹھیک سے چل رہا ہے نہ ہے؟ ؟؟ اپنی کوئی مدد "

"چاہیے تو گجر حاضر ہے تیرا

بتیسی کی نمائش کی گئی جبکہ چہرے پر خباثت ٹپک رہی تھی ۔

اپنی راہ لے اور اب اگر آیا تو تیری یہ بتیسی میرے "

"ہاتھ میں ہوگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو نے ایک نظر کوریڈور میں ڈالی اور شیردل کے منہ پر زور سے دروازہ بند کردیا ۔

" روکا کیوں اس کو بھی آنے دیتے ایسی تواضع کرتی کے ساتھ پشتیں نہیں بھولتیں اسکی بھی تمہاری طرح"

وفا نے کافی زور سے کہا لیکن پپو تیزی سے اس تک پہنچا تھا اور اس کے ہونٹوں پر اپنا ہاتھ رکھ کے مزید بولنے سے روکنا چاہا مگر اس دفعہ وہ کافی حد تک محتاط تھا ایک دفعہ تو سنبھل گیا دوسری دفعہ کا کاری وار سہنے کی اس میں فلحال ہمت نہ تھی ۔

" اب کچھ مت بولنا بس خاموش رہو"

وفا کی پھٹی آنکھ کی پرواہ کیے بغیر دروازے کے نیچے سے جھانکتی جھری میں سے وہ کسی کا عکس دیکھ چکا تھادروازہ کے باہر۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پپو نے اپنی جیب میں سے جلدی سے موبائل نکال "
کے فل والیم کھولی تھی ۔
وفا منہ پہ پپو کا ہاتھ ہونے کے باعث کچھ بھی پوچھنے سے قاصر تھی مگر پپو کی ساری کاروائی کو سمجھنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی۔
فل والیوم میں چلتی آڈیو کلپ میں سے کسی لڑکی کی بری طرح ریپ ہونے کے باعث چیخیں گونج رہی تھی پورے کمرے میں وہ اتنی نہ سمجھ تو نہ تھی کہ پپو کے اس عمل کو سمجھ نہیں سکتی۔

یعنی یہ شخص باہر یہ ظاہر کر رہا ہے کہ وہ میرا ریپ "
"!!!--------
"افففففف"
وہ اس سوچ کے زہن میں آتے ہی سن سی رہ گئی پپو اس کی آنکھوں میں کئی سوالات پڑھ چکا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میں تمہارے چہرے سے ہاتھ ہٹا رہا ہوں مگر تم "
" چلاوگی نہیں

پپو نے تنبیہی انداز میں کہتے ہوئے اس کے لبوں سے اپنا ہاتھ ہٹایا ۔

" کون ہو تم؟؟؟"

وفا کے لہجے میں تجسس تھا۔

" تمہارا محافظ"

وہ کمال اتمینان سے گویا تھا۔

کیوں بچانا چاہتے ہو"۔"

حیرت و بے یقینی سے استفسار ہوا اسکے اندر چھناکے سے کئی یادیں تازہ ہوئیں پپو سے اب تک کی جن میں یہ مناظر بہت واضح تھے کہ پپو نے ہر دفع اس کو کسی نہ کسی طرح باتوں میں الجھائے رکھا پیر سے ملنے نہ دیا تھا"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" یہ سمجھ لو کہ میں اپنی زندگی کو بچا رہا ہوں تم پر
کوئی احسان نہیں کر رہا''
"تو کیا میں یہاں سے آزاد ہو جاونگی؟ ؟ "
"میں تمہیں یہاں سے باحفاظت نکال دوں گا ۔۔ "
کیا یہ اتنا آسان ہوگا کہ تم مجھے یہاں سے باہر نکال '
سکو؟""
"اللہ نے چاہا تو ضرور"
" کچھ ہی دیر میں یہاں موجود سب ھی لوگ نشے
کے باعث دھت ہو کہ پڑ جائیں گے اس وقت میں
تمہیں یہاں سے آزادی دلوا دوں گا باہر کا سارا انتظام
کر رکھا ہے ۔"
"تم کون ہو تمہارا نام کیا ہے ۔؟؟؟"
"یہ سب جاننے کا تمہارا ابھی وقت نہیں آیا ۔"
یہ لو تمہاری چادر "۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ اس کے تن کو اچھی طرح چادر سے ڈھانپتے ہوئے مزید گویا ہوا ۔

" خطروں سے کھیلنا دلیری کی علامت ہے مگر جب تک خطروں کا خود کو عادی نہ بنا لو تب تک خطروں سے کھیلنا بیوقوفی ہے ---"

"یہ تو میری چادر پیر نے اپنے پاس دن رکھی تھی ---"

وفا نے جیسے پپو کی باقی کہی بات کو ان سنی کر کے اپنی چادر کی بابت استفسار کیا ۔۔

" تمہاری کوئی بھی چیز میں نےادھر سے ادھر نہیں ہونے دی ہے یہ تمہارا موبائل اور بیگ ہے ۔۔"

اور اس میں موجود ویڈیو میں نے اپنے پاس بھی " محفوظ کردی ہے"۔

وہ چونکی تھی۔جس لہجے میں وہ اس سے اس وقت ہم کلام تھا ۔وفا کو لگا جیسے وہ اس لہجے کو پہلے بھی سن چکی ہے ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وہ اب بھی کافی حد تک محتاط اور اتنا آزاد نہ تھا کہ وفا بالکل ٹھیک ٹھیک سے اس لہجے کو پہچان سکتی مگر پھر بھی اس کو چونکا گئی تھی پپو کی آواز ۔

وہ اب مسلسل موبائل پہ کسی سے ہلکی آواز میں بات کر رہا تھا ۔

"سب تیاری مکمل ہے ؟؟؟"

سہی بس 15 منٹ کے اندر اندر باہرملاقات ہوگی "

لیکن اگر پندرہ منٹ سے ایک لمحہ بھی گزرے تو انتظار مت کرنا اور کود پڑنا ۔

وہ کسی کو ہدایت دے رہا تھا ۔

" چلو"

وہ اپنی ہتھیلی پھیلائے اس کا منتظر کھڑا تھا۔

" میں تمہارا اعتبار کیسے کر لو "

وہ ششوپنج کا شکار ہوئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جب یہاں تک کا سفر بے خوف و خطر پورا کر ہی لیا "
"ہے تو ایک رسک تو اور لےہی سکتی ہو ۔۔
"میرا اللہ نگہبان ۔"
وفا نے کہہ کر اوپر دیکھا اور گہرا سانس لے کر اپنا
مرمری ہاتھ پپو کے ہاتھ میں دے دیا ۔
اور اب آواز مت نکالنا سانس بھی ایسے لینا کہ تمہارا "
"دھڑکنوں تک کو خبر نہ ہو سکے ۔
پپو نے ایک ہاتھ سےجیب میں رکھی گن نکال کے لوڈ
کی اور کمرے کا دروازہ کھول کے وفا کےساتھ
دبے پیر باہر نکلا ۔
باہر کی صورتحال حسب توقع تھی۔
مجھے ان معصوم لوگوں کو بھی تو آزاد کروانا ہے" وہ "
بہت دھیمی آواز میں بولی۔
وہ ان بند کمروں کی طرف سے گزرتے ہوئے بولی جہاں
آج بھی معصوم جانے قید میں تھیں ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تمہاری رہائی ان سب کی رہائی کی ضامن ہے"۔۔۔"
وہ گھمبیر میں بولا ۔

ابھی وہ لوگ لانچ میں آئے تھے کہ نہ جانے کہاں سے تبریز نےوفا کا پیر پکڑ لیا۔
وفااس افتاد کے لئے تیار نہ تھی یکدم گرنے ہی والی تھی جب پپو نے اس کو یکدم بازو سے تھاما ۔۔۔
"آستین کا سانپ ہے تو اچھا ہواشیر دل نے مجھے اور پیر صاحب کو محتاط کردیا تھا پہلے ہی ۔۔"
وہ ابھی بول ہی رہا تھا جب پپو نے گولی چلائی تھی جو کہ تبریز کے ٹھیک گھٹنےپہ جا کے لگی ۔
"اسی پیر کوچھوا تھا نہ تو نےوفا کے؟؟؟ اب اس کو پکڑ کے بیٹھا رہے ساری زندگی "
وہ اب پسٹل تانےآگے بڑھ رہا تھا وفا کا ہاتھ اب بھی اس کی گرفت میں تھا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

گولی کی آواز سن کر بہت سارے پیر کے کارندے جو کہ کچھ نشے میں دھت تھے اور کچھ ہلکے پھلکے نشے کے باعث ہوش و حواس میں تھے۔

ان دونوں کی طرف بڑھ رہے تھے شیر دل بھی ان میں شامل تھا۔

شیر دل نے وفا کی طرف گن لوڈ کی ہی تھی جب پپو نے ایک فائر کیا جوکہ تبریز کے شانے کو چھو کے نکل گیا ۔

اب پپو کی نظر گھڑی کی طرف اٹھی تھی ان کو پندرہ " منٹ سے زیادہ کا وقت گزر چکا تھا اس کا مطلب اب "ایکشن کا ری ایکشن آنے والا تھا ۔

اسی وقت جابر اپنی پوری ٹیم کے ساتھ پولیس کی بھاری نفری بھی ساتھ لیے تہہ خانے کے اندر پہنچ چکا تھا ۔

اندھادھند مقابلہ شروع ہوگیا تھا ....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

"جابر آپ کے پیچھے ۔۔۔۔"

وفا جابر کو اندھا دھند فائرنگ کرتا دیکھ زور سے چیخی تھیں کیونکہ شیردل اس کے بالکل پیچھے تھا اور دوسری طرف پپو کی کنپٹی پ پیر کی پستل تن چکی تھی ۔

اور وہ بیچ میں کھڑی بے بس سی روتے ہوئےکبھی اپنے دوست جابرکو دیکھتی تو کبھی اپنے محافظ پپو کو!!

دونوں کی ہی جانیں سولی پہ تھیں ۔

یکدم گولی چلی تھی ۔۔

اور پھر۔ ۔۔۔۔۔

سامنے ہی خون میں لت پت پڑے وجود کو دیکھ کے وفا کی چیخیں بلند ہو گی فضا میں ۔۔۔۔۔

❤❤❤

رات کا ناجانے کون سا پہر تھا جب مہمل کی آنکھ کامل کے موبائل پہ ہوتی بیل سے کھلی تھی ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

نیند میں اس نے بیچ میں پڑا کامل کا موبائل اٹھا کہ بغیر دیکھے کہ کس کا فون ہے کال رسیو کی ۔

"السلام علیکم ۔"

فون اٹھا کہ خمار آلود لہجے میں پوچھا۔

" وعلیکم السلام"

دوسری طرف سے کسی لڑکی کی آواز سن کہ مہمل کی نیند بھک سے اڑھ گئی تھی۔

"مجھے کامل سے بات کرنی ہے ۔"

دوسری طرف سے بے صبری سے کہا گیا۔

"آپ کون ہیں ؟؟؟؟؟"

مہمل نے بڑی مشکل سے اپنے لہجے میں گھلتی ناگوارہ کو کنٹرول کیا تھا۔

ابھی وہ مزید کچھ بولتی یا پوچھتی کہ کامل نے جھٹ سےفون چھپٹ کے اس سے لیکر اپنےکان سے لگایا

"ہاں بولو سب ٹھیک ہے نا؟؟؟"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

طبیعت ٹھیک ہے ؟؟؟

دوسری طرف امید کیبکیئر ٹیکر تھی جوکہ وہاں مقیم

اک پاکستانی لڑکی ہی تھی۔

" تم پریشان نہیں ہو سب سہی ہو جائے گا"

نہیں میں صبح ہی انتظام کر دوں گااوکے۔

"بہت جلد آ رہا ہوں میں ۔۔۔ "

اور پھر چند ایک باتوں کے بعد کامل نے فون رکھ دیا ۔۔۔۔

"کہاں جا رہے ہیں آپ اور کس کا فون تھا ۔؟؟؟؟"

"جانا ں کی ماں کے پاس اس کو میری ضرورت ہے ۔۔"

وہ پریشان کن لہجے میں گویا ہوا۔

یہ کیسے ممکن ہے؟؟؟

آپ نے تو کہا تھا آپ کا اس کے ساتھ کوئی تعلق '

"نہیں ہے اورآپ کی علیحدگی ہوچکی ہے اس سے ۔۔

مہمل کا لہجہ۔ کچھ اور بھی خستاخانہ ہوا ۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میری الحیدگی بھلے سے ہوجائے مگر جاناں کا رشتہ "
اپنی ماں سے نہیں توڑ سکتا مہمل میں !!تم اس بات
"کو سمجھنے کی کوشش کرو ....
وہ کہہ کے اٹھ کھڑا ہوا اور تیزی سے وارڈروب سےاپنے
کپڑے نکالنے لگا ۔
یہ کیا کر رہے ہیں آپ ؟؟؟؟؟؟
مہمل۔ کو۔ لگا اسکو اور اسکی خوشیوں کو یکسم
جیسے کسی کی بری نظر لگی تھی اس کے اردگرد
دھماکے سے ہورہے تھے۔

تم بھی اپنی پیکنگ کرو جلدی سے اور جاناں کی "
بھی ساتھ پیکنگ کر لو ہمیں کل ہی ملنے والی پہلی
فلائٹ سے نکلنا ہوگا وقت نہیں ہے میرے پاس زیادہ

????

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

گولی جابر کے سینے میں جاکے لگی تھی ۔پیر اور اس کے تمام اہلکاروں کو قابو کرکے پولیس اور رینجرز نے گرفتار کرلیا تھا اور تمام معصوموں کو قید سے رہا کرکے فلحال شاہ زمان کے کہنے پر جابر کے فارم ہاؤس کے پہنچا دیا گیا تھا ۔ایسا کرنے کا اسکا مقصدصرف اور صرف اتنا سا تھا کہ بازیاب ہوئی لڑکیوں اور بچوں کو محفوظ مقام پر رکھنا تاکہ ان کو مزید کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

جو کوئی بچہ یا لڑکی اپنے گھر جانا چاہتی تھی وہ اسکو کو خود باحفاظت چھوڑ کے آنے کے لیے تیار تھا اور جس کو اس کے گھر والے قبول کرنے سے انکاری تھے وہ ان تمام کو ہمیشہ کے لئے فارم ہاؤس میں شیلٹر دینے کے لئے راضی تھا ۔اس نے تمام اخراجات کی ذمہ داری اپنے سر لے لی تھی ان سب کے ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

اب صرف تہہ خانے میں تین لوگ موجود تھے درد کی شدت سے تڑپتا ہوا جابر!!

پپو کی گود میں دم توڑنے کو تھا تیسری تھی وفا جس کو لگا تھا کہ جابر کی اس حالت کی ذمہ دار صرف اور صرف وہ ہے ۔

وفا دل ہی دل میں خود کو مجرم قرار دے چکی تھی ۔۔

وہ دوزانوں بیٹھی سسکتے ہوئے جابر کے سرد ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے کر حد ت پہنچاتے کی کوشش کر رہی تھی مگر موت سے بھی بھلا کوئی جیت سکا ہے کبھی؟؟

"جابر میرے جگرے!! "

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تجھے کچھ نہیں ہوسکتا میں تجھے کچھ بھی نہیں "
ہونے دوں گا بچپن کا ساتھ ہے یار ہمارا تو اکیلا چھوڑ کے
"مجھے کیسے جا سکتا ہے ...؟؟

پپو اسکا سر گود میں رکھے اپنے بازو سے نا محسوس
انداز میں آنکھوں میں آئی نمی صاف کرتے ہوئے گویا
ہوا ۔خود پہ قابو پانا اب اسکیلئے ناممکن تھا۔
ت.....ت....تم مجھ سے ایک وعدہ کرو گے؟"۔"
وہ بہت مشکل سے یہ چند الفاظ ادا کر سکا تھا۔
ہاں بول میرے یار تجھ پر سو وعدے قربان"۔ "
پپو نے یقین دلایا۔
تت... تو میری پیاری دوست کا ہمیشہ خیال رکھیے گا "
"اس کی آنکھوں میں کبھی آنسو نہیں آنے دے گا ۔
وہ اپنے ہاتھ میں موجود اس کا ہاتھ لیکر بڑی مشکل
سے خود میں سکت پیدا کرتے ہوئے وفا کے ہاتھ پر رکھ
کر گویا ہوا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وا.....وفا میرے یار کی محبت و خلوص پہ کبھی "
"شک مت کرنا۔
ہاں جابر آپ ٹھیک ہوجائیں بس "۔"
وہ اب بھی اسکی زندگی کیلئے پر امید تھی۔مگر
!!ناممکن بھی کبھی ممکن ہوسکا ہے بھلا.....
یار تو فکر نہیں کر تیری دوست میری محبت ہے" "
"وعدہ رہا تجھ سے کہ اس کی آنکھوں میں کبھی آنسو
"نہیں آنے دونگا ...
وفا اگر اپنے مکمل ہوش و حواس میں ہوتی تو اسکو
اندازہ ہوتا کہ پپو کتنا بڑا راز عیاں کرگیا ہے اس سے بڑی
بات وہ وعدی تھا جو وہ مکمل ایمانداری کے ساتھ
سچے دل سے جابر سے کر چکا تھا۔
پپو کا اتنا کہنا تھا تڑپتے ہوئے جابر نے اپنی آنکھیں
ہمیشہ کیلئے بند کرلی تھی۔ روح پر سکون ہو کے اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کے تڑپتے وجود سے پرواز کر چکی تھی کیسی محبت تھی جابر کی وفا سے کہ وہ آخری دم تک بھی صرف اس کے فکر میں تھا اپنی محبت کوکتنی صفائی سے وہ دوستی جیسےخوبصورت رشتے میں چھپا گیا تھا اور پر سکون سا ہوکے ہمیشہ کے لئے جا سویا تھا ---

???

"!! ایسا نہیں ہو سکتا"

"نہیں-------"

" کہہ دوں کہ یہ سب خواب ہے "

وہ اپنے بھائی کا ہاتھ تھامے جنازے کے پاس بیٹھ گئی جہاں پہلے ہی سے باقی خواتین بیٹھی اشک بہا رہی تھی ۔

" سنبھالو خود کو آپی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

وفاکا بھائی اس کو بڑی مشکل سے سنبھالتے ہوئے بولا جابر کی موت کی خبر سن کے وفا کے گھر والے بھی آچکے تھے ۔

" نہیں ایسا ناممکن ہے "

جابر کی جان میری وجہ سے گئی ہے مجھے بھی جینے "کا کوئی حق نہیں ہے ۔۔

وہ ہذیانی انداز میں چیخی تھی رو رو کے اس کا برا حال تھا وہ اب بھی اس کے جنازے کے پاس ہی بیٹھی تھی اس کو کسی طور صبر نہیں آرہا تھا تڑپتے ہوئے جابر کو اس نے اپنے ہاتھوں میں دم توڑتا دیکھا تھا۔ کس طرح خود کو سنبھالتی بہت کڑا امتحان اس کے سامنے آ کھڑا ہوا تھا ۔۔

" بیٹا دعا کرو میرے بیٹے کے لئے اس وقت"

چند ہی گھنٹوں میں تائی بیگم کی ساری ہستی ہی مٹ گئی تھی جیسے۔ سب غرور اکڑ جوان جہان بیٹے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کی ناگہانی موت پہ کہیں دور جا سوئے تھے وہ بس مسلسل بیٹے کیلئے سکیاں بھر رہی تھیں مزنا کا بھی یہی حال تھا ۔فرقان خان تو جیسے بے جان ہوچکے تھے ۔

میت اٹھانے کا وقت آن پہنچا تھا کتنا سخت وقت ثابت ہوا تھا وہاں موجود سبھی افراد کیلئے۔۔۔

پپو اور کامل نے جابرکے جنازے کو کاندھا دیا تھا اور پچھلی طرف تایا اور بلال تھے ۔۔

پیچھے محمل نے وفا اور اپنی تائی بیگم کو مزنا کے ساتھ مل کے سنبھالنے کی کوشش کی تھی ۔۔۔

؟؟؟

شاہ زمان صاحب آپ کے مجرم آپ کے سامنے ہیں " سب"۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

انسپکٹر نے تمام مجرموں کو شازمان کے سامنے لا کھڑا کیا تھا جس میں پیر کا کسمانی ریمانڈ کے باعث ایسا حال ہوگیا تھا کہ وہ اپنے پیروں پر بمشکل کھڑا تھا ۔

" یہ میرے مجرم نہیں ہیں یہ انسانیت کے دشمن ہیں ان کو سزائے موت نہیں ہونی چاہیے کسی صورت بھی "انسپکٹر۔۔۔

" مگر شاہ صاحب قانون ان کو سزائے موت ہی سنائے گا ۔۔۔۔"

" اگر مگر نہیں اس پیر کو تو میری تجویز کردہ ایسی عبرتناک سزا ملے گی کہ دنیا یاد رکھے گی اس کا انجام ۔"

شاہ زمان نے پیر کو اوندھا زمین پہ لٹا کہ دھون ڈالا ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

" ان سب کو سزائے عمری میں کروا کے رہوں گا وہ بھی سارے میڈیا کی موجودگی میں تاکہ سب کو علم ہو سکے کہ خدا کے علاوہ کسی کے پاس جا کے ہاتھ پھیلانا کتنا بڑا بڑا شرک ہے اور اس کا انجام کس صورت میں نکلتا ہے ..."

????

وہ دونوں افسردہ تھے جابر کی موت نے سب کو ہلا کے رکھ دیا تھا مگر زندگی کا کام ہے وقت کے ساتھ بہجانا۔ زندگی اپنی ڈگر پر آہستہ آہستہ واپس آ ہی جانی تھی مگر کامل کے لئے تو جیسے ابھی ایک امتہان اور بھی بہت بڑا باقی رہ چکا تھا ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

جابر کی تدفین کے کچھ ہی گھنٹوں بعد وہ تینوں تکلیف سے چور اپنے وجود کو گھسیٹتے ہوئے امید کے پاس پہنچنے کیلئے روانا ہوچکے تھے۔

محمل کیلئے بھی یہ صدمہ اتنا بڑا تھا کہ بچپن کا ساتھ رہا تھا۔کھیل کود کے ساتھ بڑے ہوئے تھے دونوں کی بچپن کی کچھ خاص یادیں تو وابستہ نہ تھی مگر محمل نے اس کو ہمیشہ بلال کی طرح اپنے بھائی کا رتبہ دیا تھا ۔

تویل سفر کے بعد وہ لوگ اپنی منزل کو پہنچ چکے تھے اور ہوٹل جانے کے بجائے کامل سیدھا ان دونوں کو ہسپتال ہی لیکر آگیا تھا۔مہمل حیرت سے ہسپتال کو دیکھ رہی تھی اسنے تو تصور بھی نہیں کیا تھا کہ کامل ائیرپورٹ سے سیدھا اسکو ہاسپتال ہی لیکر آجائیگا مگر کیوں؟؟؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کئی سوالات اسکے دماغ میں گردش کر رہے تھے مگر جواب اک کا بھی میسر نہیں تھا وہ بری طرح چکرا کہ رہ گئی مگر قبل۔از وقت کامل سے کچھ نہ پوچھ سکی۔

"جانا کو لے کر اندر آ جاؤ محمل ۔"

وہ ہسپتال کے کوریڈور میں موجود تھے جب کامل نے ایک پرائیویٹ روم کا دروازہ کھولنے کے بعد گم سم سی فاصلے پر کھڑی تزبزب کا شکار مہمل اور جاناں کو گھمبیر لہجے میں اندر آنے کو کہا ۔

کامل کی آنکھیں اندر اٹھتی شدید ٹیسوں کے باعث سرخ ہورہیں تھی۔ محمل بہت مشکل سے خود کو گھسیٹتے ہوئےچپ چاپ اللہ کا نام لے کر جانا کا ہاتھ مضبوطی سے تھامے اندر بڑی تھی ۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

پیر من من بھر کے ہو رہے تھے اس کے اس وقت ۔وہ جیسےتیسے اپنی سوکن کا سامنا کرنے کے لیے خود کو تیار کرنے کی کوشش کر رہی تھی ۔

آج عجب دوہرائے پہ آج وہ تینوں آکہ کھڑے ہوئے تھے ۔قسمتی بھی کیسے کیسے امتحان لیتی ہے انسان سے۔

" امید بھابھی دیکھیں آپ سے ملنے کون آیا ہے وہ محبت سے بولا تھا لہجے میں چھوٹے بھائی کا سا مان رقصاں تھا۔ محمل کچھ تذبذب کا شکار ہوئی بے دردی سے ہونٹوں کو کچلتے ان دونوں کو دیکھے گئی۔ بے بس سی وہ کبھی کامل کو تو کبھی بستر مرگ پر لیٹے اس کملائے نہیف سے وجود کو دیکھ رہی تھی جس کی شکل ہو بہو جاناں کی جیسی تھی لیکن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

کامل کے لبوں سے ادا ہوا "بھابی "کا لفظ اس کو مزید الجھا گیا تھا ۔

گرہیں سلجھنے کے بجائے مزید الجھتی چلی جا رہی تھی جبکہ ننھی جاناں اپنے کھیل میں مست ہاتھ میں پکڑی گڑیاسے صوفے پر بیٹھی کھیلنے میں مصروف ہو چکی تھی۔

مہمل پیچھے مڑکر جاناں کو لے کر گڑیا صوفہ پر رکھ کے گود میں اٹھا کر اسکو کامل کے پاس بڑی تھی ۔

امید بھابی جاناں آئی ہے آپ سے ملنے آپ کی بیٹی " "آنکھیں کھولیں ۔

امید کے وجود میں ہلکی سی جنبش ہوئی تھی۔ " آنکھیں ہلکی سی وا ہوئی تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

محمل مکمل طور پہ سن ہی تو ہوگئی تھی اس کے اردگرد جیسے دھماکے ہو رہے تھے ساری گرہیں اک اک کرکے کھلتی چلی جا رہی تھی ۔۔

محمل نے خود کو بمشکل سے سنبھالا تھا اور خود میں ہمت پیدا کرکے وہ آنکھوں میں آنسو لیے جاناں کو امید کے پہلو میں لٹا چکی تھی۔

" یہ آپ کی گڑیا ہے بھابھی "

کامل نے چونک کے محمل کو دیکھا اس کے لہجے میں آنسوؤں کا گولا اٹکا ہوا تھا اس کو دیکھ کے پھیکی سی مسکراہٹ لبوں پہ سجا گیا مگر اس مسکراہٹ میں کتنا قرب تھا محمل کو اندازہ لگانے میں دیر نہ لگی تھی ۔۔

تبھی دروازے ناک کر کے ایک نرس جوکہ دیکھنے سے ہی مشرقی لگ رہی تھی اندر داخل ہوئی۔

"السلام علیکم !"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

نرس نے باآواز بلند سلام کیا ۔

"وعلیکم اسلام"

فاطمہ کیسی ہیں آپ؟؟؟؟

کامل اب امید کی رپورٹ پڑھ رہا تھا مصروف سے انداز میں جواب دے کے اب اسکی خیر خیرہت رسمی سے انداز میں استفسار کر رہاتھا۔

محمل نے ایک بات بڑی شدت سے نوٹس کی تھی اور وہ یہ تھی کہ کامل نے اک نظر غلط تک فاطمہ پہ نہ ڈالی تھی اور وہ تھی کہ نہ جانے کامل کے بارے میں کیا کیا سوچ رہی تھی۔

وہ تصور میں سوچ کہ خود کو شرمندہ ہوئی ۔

جاناں امید کے پہلو میں چند منٹ ہی رہی تھی اور پھر لپک کے مہمل کے بازو میں کودی تھی جیسے امید اس کے لئے اجنبی ہو۔

مہمل جاناں کہ اس انداز سے تھم سی گئی ...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

تو گویا جاناں کے نزدیک اس کی ماں صرف مہمل۔ہی تھی۔

دل میں جیسے ایک سکون سا اترا تھا مگر پھر امید کو دیکھ کہ تکلیف نے ایک دفعہ پھر اس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ۔

"کامل بھائی امید میم نے ایک خط آپ کو اور جاناں کو دینے کے لیے کہا تھا"

فاطمہ کچھ دیر مزید امید کے بارے میں بتانے کے بعد وہاں سے جا چکی تھی کامل نے لرزتے ہوئے ہاتھوں سے خط کھول کے پڑھنا شروع ہوا ...

"میرے پیارے بھائی"

"میرے حسن کامل تمہارا بہت شکریہ!!تم نے مجھے اس وقت سہارا دیا جب میں بے کس و مجبور تھی میری بیٹی کو اپنا نام دیا مجھ پہ تمہارا یہ بہت بڑا احسان ہے میں چاہ کر بھی تمہارا یہ احسان نہیں اتار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

سکتی مگر میرا خدا تمہیں اتنا ضرور نوازے گا کہ تم سنبھالتے سنبھالتے تھک جاؤ گے مگر تم سے سنبھالا نہیں جائے گا انشاءاللہ ۔

یہ میری دعا ہے اسکے علاوہ میرے پاس کچھ نہیں ہے تمہیں دینے کو مجھے معاف کردو میرے بھائی۔

مجھ پہ آخری احسان اور کر دینا کہ میری بیٹی کو اچھے گھر میں بیھا دینا اور ایسے گھرانے میں اسکی شادی کرنا جن کو میری زندگی کے بارے میں علم ہو مطلب میرا ماضی اور میرا پیشہ کیا رہا تھا جاناں کے شوہر کو اس کی ماں کی حقیقت کا علم ہونا چاہئے لازمی۔

شادی سے پہلے اس کو بتا دینا سب۔ تمام حقائق اس کی علم میں لا کر ہی تم میری بیٹی کو رخصت کرنا ایسا کرنے کی وجہ یہ ہے کہ میں نہیں چاہتی کہ وہ میری وجہ سے بعد میں کوئی نقصان اٹھائے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

میرے بھائی دوسرے خط کو جاناں کو اس روز دینا جب وہ اٹھارہ برس کی ہو جائے چاہو تو تم اس خط کو پڑھ لینا کہ میں نے جاناں کے لیے کیا پیغام لکھ چھوڑا ہے ۔

ہو سکتا ہے جب تم یہ خط پڑھو تو تب میں دنیا میں نہ رہو۔

اس لئے میرے بھائی خدا حافظ میری بیٹی تمہارے سپرد ۔ ۔۔۔۔

وہ خط کو پڑھنے کے بعد غم کی شدت سے بیٹھتا چلا گیا مہمل نے بڑی مشکل سے اس کو سہارا دیا تھا ۔

وہ خود بھی اس پوزیشن میں نہ تھی کہ کامل کو سنبھال پاتی اور پھر ان کے ہسپتال سے چند گھنٹے بعد آنے کے امید کے انتقال کی خبر آ گئی تھی۔

تو گویا امید کا سانس بس اس کی بچی میں اٹکا ہوا تھا اپنی بچی کو ہنستا کھیلتا دیکھ وہ خوشی خوشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

خالق حقیقی سے جا ملی تھی ایک طویل تکلیف بھری مسافت طے کرکہ۔۔

❤❤❤

وفا کراچی واپس آچکی تھی مگر پہلے جیسی ہر گز نہ رہی تھی۔

بہت گم سم سی خاموش سی رہا کرتی ۔بابا جان اور ماماجان سے بیٹی کی ایسی حالت دیکھی نہ جارہی تھی ۔چھوٹا بھائی ہر وقت اسکے ساتھ چھیڑ چھاڑ میں لگا رہتا مگر وہ تھی کہ بس چپ۔

اکثر اسکو پپو بڑی شدت سے یاد آنے لگا وجہ پپو پہ جابر کا اعتماد اور پپوکو جان کی بازی لگاکہ وفا کو باحفاظت تہہ خانے سے آزادی دلوانے کے ساتھ ساتھ ہر اس پل اسکی حفاظت کرنا تھا جب وہ تن تنہا آستانے پہ نکلپڑتی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk/

